باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified

www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام

جلد03 | پیر 11 نومبر 2024ء، 08 جمادی الاول 1446ھ 28 کاتک 2081 | صفحات04 / قیمت20روپے | شمارہ نمبر200

آزاد کشمیر میں موسمیاتی تبدیلیوں سے خواتین کی تعلیم اور روزگار متاثر ہونے کا خدشہ، تحقیقی رپورٹ میں انکشاف

موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں خواتین کو روزگار، صحت، تعلیم اور ذاتی تحفظ میں خطرات کا سامنا ہے، جن میں صنفی بنیاد پر تشدد کے واقعات میں اضافے کا اندیشہ بھی شامل ہے، رپورٹ کو عائشہ خان اور حذیفہ خان نے مرتب کیا

موسمیاتی حکمت عملی میں صنفی توجہ پر مبنی پالیسیوں کی فوری ضرورت ہے، آزاد کشمیر میں خواتین کے لیے ایک جامع ایکشن پلان کی ضرورت ہے، سینٹر فار پیس، ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارمز نے رپورٹ جاری کرنے میں معاونت کی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) آزاد جموں و کشمیر (اے جے کے) کے لیے کلائمیٹ چیلنجز ایکشن پلان (سی سی جی اے پی) پر مبنی ایک تازہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات خواتین پر زیادہ شدت سے مرتب ہو رہے ہیں۔ اس رپورٹ میں بتایا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں خواتین کو روزگار، صحت، تعلیم اور ذاتی تحفظ میں خطرات کا سامنا ہے، جن میں صنفی بنیاد پر تشدد کے واقعات میں اضافے کا اندیشہ بھی شامل ہے۔ اس رپورٹ کو عائشہ خان اور حذیفہ خان نے مرتب کیا اور سینٹر فار پیس، ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارمز (سی پی ڈی آر) نے شائع کیا، جبکہ اس کی مالی معاونت آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے کی۔ رپورٹ کی تقریب رونمائی میں، عائشہ خان اور حذیفہ خان نے آزاد کشمیر کی موسمیاتی حکمت عملی (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

ACTION PLAN FOR AJ&K
TOWARDS A GENDER-INCLUSIVE RESPON
TO CLIMA HALLENGES IN AJ&K
NOVEMB 2024

آزاد کشمیر میں موسمیاتی تبدیلیوں اور ان سے پیدا ہونے والے مسائل کے حوالے سے منعقدہ سیمینار

غزہ پر اسرائیلی بمباری، 13 بچوں سمیت 32 شہری شہید

جبالیہ پناہ گزین کیمپ اور بیت لاہیہ پر وحشیانہ بمباری کی جا رہی ہے

غزہ (صباح نیوز) غزہ پر اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں اتوار کو مزید 13 بچوں سمیت 32 شہری شہید ہو گئے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق غزہ کے شمال میں جبالیہ میں علوش خاندان کے گھر پر قابض اسرائیلی فوج کی وحشیانہ بمباری کے نتیجے میں اتوار کی صبح 13 بچوں سمیت 32 شہری (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

بھمبر:۔ جاپانی وفد کی جانب سے ایمز کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو۔

منفی رویہ: بھارت کیساتھ کسی بھی ٹورنامنٹ میں نہیں کھیلیں گے، پاکستان

آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی 2025 میں بھارت کے پاکستان نہ آکر کھیلنے سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ کو آگاہ کردیا

حکومت پاکستان کا بھارت کے چیمپئنز ٹرافی میں آنے سے انکار پر سخت فیصلے لینے کا امکان ہے، حکومتی ذرائع کا دعویٰ

اسلام آباد (دھرتی نیوز) آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی 2025 میں بھارت کے پاکستان نہ آکر کھیلنے سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو آگاہ کر دیا جبکہ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر بھارت پاکستان نہیں آئے گا تو پاکستان بھی آئندہ کبھی کسی ٹورنامنٹ میں بھارت کے خلاف میچ نہیں کھیلے گا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کا حکومت پاکستان کے ساتھ رابطہ ہے اور بھارت کے نہ آنے سے متعلق آگاہ کیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

پاک افغان سرحد کے قریب جھڑپ

6 خوارج ہلاک

سرحد کے قریب شمالی وزیرستان کے علاقے اسپن وام میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 6 خوارج کو ہلاک کردیا، اس دوران 6 زخمی بھی ہوئے، سیکیورٹی فورسز نے اسپن وام میں انٹیلی جنس معلومات پر آپریشن کیا

آپریشن کے دوران خوارج کے ٹھکانے کی تلاشی لی گئی، ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، ہلاک خوارج سیکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک افغان سرحد کے قریب شمالی وزیرستان کے علاقے اسپن وام میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 6 خوارج کو ہلاک کر دیا، اس دوران 6 زخمی بھی ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز نے اسپن وام میں انٹیلی جنس معلومات پر آپریشن کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق آپریشن کے دوران خوارج کے ٹھکانے کی تلاشی لی گئی، ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ ہلاک خوارج سیکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث تھے۔ سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ اس سے قبل، ڈان اخبار کی رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

کوٹلی:۔ وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں کشمیر چوہدری انوار الحق، وزراء حکومت و دیگر مقررین جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں۔

آسٹریا مقبوضہ کشمیر میں مسئلہ حل کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے، صدر

آسٹریا کے پاک بھارت دونوں سے یکساں تعلقات ہیں، آسٹریا کا انسانی حقوق پر بھی ایک بہترین ٹریک ریکارڈ ہے

یورپی یونین کے دیگر ممالک کشمیریوں کو اُن کا حق خودارادیت دلوانے کے لئے اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں، وفد سے بات

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ آسٹریا مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالی بند کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے کیونکہ آسٹریا کے پاک بھارت دونوں سے یکساں تعلقات ہیں اور آسٹریا کا انسانی حقوق پر بھی ایک بہترین ٹریک ریکارڈ ہے۔ اس لئے آسٹریا اور یورپی یونین کے دیگر ممالک مقبوضہ کشمیر میں کشمیریوں کو اُن کا حق خودارادیت دلوانے کے لئے اپنا (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد:۔ صدر آزاد جموں کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے آسٹریا کی سفیر ایڈ ریاویلی ایوان صدر کشمیر ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں۔

بیوروکریسی میں تبادلے، سردار عدنان خورشید سیکرٹری اطلاعات تعینات

کمشنر مظفرآباد کی آسامی پر ڈائریکٹر جنرل سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی مسعود الرحمان کو تعینات کر دیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

سردار عدنان خورشید گریڈ 20 کے سینئر موسٹ آفیسر ہیں، قبل ازیں محکمہ اطلاعات کا اضافی انچارج انصر یعقوب کے پاس تھا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) بیوروکریسی میں ایک دفعہ پھر تبادلہ جات عمل میں لائے گئے ہیں، حکومت نے کمشنر مظفرآباد سردار عدنان خورشید کو ترقیاب کرتے ہوئے سیکرٹری اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر تعینات کر دیا۔ کمشنر مظفرآباد کی آسامی پر ڈائریکٹر جنرل سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی مسعود الرحمان کو تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق حکومتی منظوری کے بعد محکمہ اطلاعات میں (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

شہباز شریف کی قیادت میں آگے بڑھیں گے، وزیر امور کشمیر

لوگوں کو سوچنا چاہیے کہ کونسی لیڈرشپ ملک کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے

ویری لوئر (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبرپختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) ملک و قوم کی بہتری کیلئے کام کرتے ہیں، [illegible] کا جھوٹا بیانیہ بنانے والوں نے اس (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

مقبوضہ کشمیر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے سوپور، بانڈی پورہ، ہندواڑہ، کپواڑہ، گاندربل اور کلگن کے مختلف علاقوں میں بھی بڑے (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم نے ہوائی اعلانات کی روایت ختم کردی، وزیر حکومت

ہنسہ کو ایک ارب روپے مالیت کا گرڈ سٹیشن کا منصوبہ دیا، جلسہ عام سے خطاب

کوٹلی سہنسہ (پی آئی ڈی) وزیر مال وکنسولیڈیشن چوہدری محمد اخلاق نے کہا ہے کہ جس طرح آج عوام سہنسہ نے وزیراعظم کا استقبال کیا یہ تاریخ میں لکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار چوہدری محمد اخلاق نے سہنسہ میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسہ کی صدارت رفیہ محمد (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم نے حکومتی فیصلوں پر عدالتی سٹے آرڈرز کی رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے حکومتی فیصلوں پر عدالتی سٹے آرڈرز کی رپورٹ طلب کرلی۔ حکومتی فیصلوں کے خلاف عدالتی حکم امتناع کے معاملے پر وزیراعظم (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد میں گیلانی لاء چیمبرز کا افتتاح، سابق جسٹس کی شرکت

نئے وکلاء کی رہنمائی، تربیت کے لئے فری کوچنگ کلاسز کا بھی آغاز کیا گیا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) مظفرآباد میں گیلانی لاء چیمبرز کا افتتاح کیا گیا ہے، جسٹس (ر) منظور حسین گیلانی کی سرپرستی میں بانی اراکین یاسر گیلانی اور خالد منظور گیلانی نے چیمبر کی بنیاد رکھی۔ افتتاحی تقریب میں سابق چیف جسٹس ہائی کورٹ انور نسیم بابر، ذوالقرنین رضا نقوی، بیرسٹر ہمایوں خان، انیس رشید منہاس، عاصم گیلانی، مہر علی بخاری، بابر کوثر، پرویز اعوان سمیت نمایاں (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

سعودی ویزوں کے نئے قوانین پر اوورسیز پروموٹرز ایسوسی ایشن کی تشویش

میڈیکل سرٹیفکیٹ کی مدت دو ماہ کرنے سے پاکستانی ہنرمندوں کی سعودی عرب روانگی تاخیر کا شکار ہو جائے گی

سعودی چیمبر آف کامرس کے بعد سعودی وزارت خارجہ سے تصدیق کی نئی شرط مشکلات میں اضافے کا سبب ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) اوورسیز پروموٹرز ایسوسی ایشن نے سعودی ویزوں کے اجراء میں کوٹہ سسٹم کے نفاذ کو ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اس امر پر تشویش ظاہر کی ہے، میڈیکل سرٹیفکیٹ کی مدت تین ماہ سے کم کر کے دو ماہ کرنے سے سعودی عرب سے جاری ہونے والے ویزوں کی مدت ختم ہو جانے سے پاکستانی ہنرمندوں کی روانگی تاخیر کا شکار ہو جائے گی۔ ایک بیان میں اوورسیز پروموٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے کہا ہے سعودی عرب سے جاری ہونے والے ورک ویزوں کی تصدیق سعودی چیمبر آف کامرس کے بعد سعودی وزارت خارجہ سے تصدیق کی نئی شرط سے پاکستانی ہنرمندوں (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

سابق چیئرمین معائنہ و عملدرآمد کمیشن آزاد کشمیر زاہد امین کاشف گرفتار

سابق چیئرمین DAM زاہد امین کاشف کو ایک زیر کار تفتیش میں عدم تعاون کی بناء پر گرفتار کیا گیا ہے، ترجمان

زاہد امین ریاست جموں کشمیر کے عوام کی ایک توانا آواز ہیں۔ ایک طویل جدوجہد کے سرخیل رہے ہیں، مسلم لیگ

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد جموں و کشمیر احتساب بیورو کے ترجمان کے مطابق سابق چیئرمین ڈویلپمنٹ اتھارٹی مظفرآباد زاہد امین کاشف کے گرفتار ہونے کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف قسم کی خبریں گردش کر رہی ہیں جو خلاف حقائق ہیں۔ سابق چیئرمین DAM زاہد امین کاشف کو ایک زیر کار تفتیش میں عدم تعاون کی بناء پر گرفتار کیا گیا ہے جبکہ ابھی تک اصل تفتیش زیر تکمیل ہے جو کہ ایک الگ کیس ہے۔ اس گرفتاری کی تفصیل (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

سعودی عرب کا 21واں طیارہ امداد لے کر بیروت پہنچ گیا

ریاض (صباح نیوز) لبنان کی مدد کے لئے سعودی عرب کا 21واں طیارہ بیروت پہنچ گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ریاض کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

سماہنی:۔ وزیر اطلاعات آزاد کشمیر پیر مظہر سعید شاہ کے ہمراہ مختلف افراد کا گروپ فوٹو۔

حکومت جاپان شعبہ صحت کے حوالے سے ہنرمند افراد میں دلچسپی کا اظہار

بھمبر (پی آئی ڈی) جاپان سے آئے وفد نے کہا کہ حکومت جاپان شعبہ صحت کے حوالے سے ہنرمند افراد کیا پہنچ کے (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

محکمہ آرمڈ سروسز بورڈ آزاد کشمیر کے ڈائریکٹر کی تعیناتی نہ ہو سکی

ایک سال سے آسامی خالی چلی آرہی ہے، دفتری امور بری طرح متاثر

مظفرآباد (صباح نیوز) سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود کے لیے قائم محکمہ آرمڈ سروسز بورڈ آزاد کشمیر کے ڈائریکٹر کی آسامی پر تعیناتی نہ ہو سکی، ایک سال سے آسامی خالی چلی آرہی ہے۔ دفتری امور بری طرح متاثر سابق فوجیوں کو شدید دشواری کا سامنا۔ شاندار کارکردگی اور اعلیٰ تعلیم یافتہ (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

حویلی، کوئٹہ میں شہید ہونے والے نائیک عقیل حسین کی تدفین

نائیک عقیل حسین شاہ 28 رجمنٹ میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے

حویلی کہوٹہ (پی آئی ڈی) کوئٹہ ٹرین بم دھماکہ میں شہید ہونے والے آزاد کشمیر ضلع حویلی کے گاؤں سیڑھیاں سے تعلق رکھنے والے نائیک عقیل حسین شاہ کا نماز جنازہ پورے فوجی اعزاز کے ساتھ آج ادا کر دیا گیا۔ نائیک عقیل حسین شاہ 28 رجمنٹ میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ نماز جنازہ میں سول سوسائٹی انجمن تاجران سیاسی سماجی مذہبی شخصیات کے علاوہ ریٹائرڈ فوجی (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

پانیولہ، کونسلر یونین کونسل بنگوئیں سردار امتیاز خان انتقال کر

پانیولہ (نامہ نگار) ممتاز ماہر تعلیم (ر) صدر معلم اور کونسلر یونین کونسل بنگوئیں سردار امتیاز خان حرکت قلب بند ہونے کے باعث وفات پا گئے مرحوم سابق صدارتی مشیر سردار خالد اشرف (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

صدر مملکت اور وزیراعظم کی سیکورٹی اداروں کو مبارکباد

دہشت گردی کے خلاف آپریشن میں شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش

کراچی (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کامیاب کارروائی میں 6 دہشت گردوں کو جہنم واصل اور 6 کو زخمی کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو سراہا اور ان کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی۔ صدر مملکت نے دہشت گردی کے مکمل (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

کوٹلی:۔ وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں کشمیر چوہدری انوار الحق کا سہنسہ میں پہنچنے پر شاندار استقبال کیا جا رہا ہے۔


77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
حسین شہید فریڈم موومنٹ کے ہزاروں ممبران کی جانب سے بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ حسین شہید کے ادھورے مشن کی تکمیل تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔
منجانب
آپ کا اعتماد ہمارے معیار کی جیت ہے
فریشکو بیکرز اینڈ سویٹس
مین برانچ سپلائی بازار راولاکوٹ
پروپرائٹر راجہ مشعف فیاض


Right Foundation
05824445929/03456722816
RIGHT FOUNDATION(R)
ترجمہ
ACCOUNT TITLE NASEEM AKHTER AND MUHAMMAD AHMED HIJAZI
BRANCH CODE: [illegible]
ACCOUNT NO. [illegible]
EASYPAISA SARDAR IRFAN AZIZ KHAN [illegible]
JAZZCASH SARDAR IRFAN AZIZ KHAN [illegible]
Dialysis Center D-Chowk Hajira Road Rawalakot


77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
ملک و قوم کی خاطر عظیم قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں
اور اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ حسین شہید کے ادھورے مشن کی تکمیل تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔
منجانب
Marika Center &
Mega Electronics
D-18/19, Chaudhary Plaza,
Opp. Meezan Bank, Bank Road,
Rawalakot
خلیل احمد
محمد خالد
منور شاہین

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر....قریہ....قریہ....کی خبریں

77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
ملک وقوم کی خاطر عظیم قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں
بھیکھ بیکرز اینڈ سویٹس
سنگولہ روڈ نالہ بازار راولاکوٹ
غضنفر علی اینڈ برادرز

77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
ملک وقوم کی خاطر عظیم قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں
عوامی بیکرز اینڈ سویٹس
0344-5883618
0344-5883619
منیجنگ ڈائریکٹر
اقبال احمد اینڈ برادرز

77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
ملک وقوم کی خاطر عظیم قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں
CLASSIC FURNITURE HUB
کلاسک فرنیچر ہب
فرنیچر آرڈر پر بھی تیار کیا جاتا ہے
ایک ہی چھت تلے جہیز کی مکمل ورائٹی اور اعلیٰ کوالٹی کا تیار شدہ فرنیچر مناسب ریٹ پر دستیاب ہے
عدیل حمید اینڈ برادرز
افضل کمپلیکس سی ایم ایچ
بائی پاس روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر
0334-5772551 - 0316-1980262

77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
ملک وقوم کی خاطر عظیم قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں
منجانب
آر۔کے سنز ہارڈویئر اینڈ پینٹس
غازی ملت روڈ نزد شیل پٹرول پمپ راولاکوٹ
سردار طارق ریشم 0332-5054469
سردار فاروق ریشم 0333-8661558

حد پانی: ۔ ہردلعزیز شخصیت دربار عالیہ منڈ ہول شریف وچھ کے منتظم ریٹائرڈ ماسٹر سردار محمد الطاف کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے۔

باغ: ۔وزیر حکومت سردار میر اکبر خان کے پی ایل کے چیئرمین ودیگر اختتامی تقریب میں کھلاڑیوں کو ٹرافیاں دے رہے ہیں۔

HBL ہورنہ میرہ برانچ کی منتقلی، ضم کیے جانے کے عمل پر شدید تشویش

بڑے پیمانے پر مشاورت کا آغاز، عدالت سے رجوع، احتجاج، اکاؤنٹس ختم کرنے اور دیگر آپشنز پر غور وخوض شروع

یہ برانچ علاقہ کی واحد سہولت ہے جس کے خاتمے سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، مختلف زعماء کا اظہار خیال

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) حبیب بنک ہورنہ میرہ برانچ کو منگلی اور مجاہد آباد برانچ میں ضم کیے جانے کے اقدامات کے خلاف اہلیان ہورنہ میرہ نے مختلف آپشنز پر غور وفکر شروع کر دیا۔ گزشتہ کئی سالوں سے ہورنہ میرہ بازار میں قائم یہ برانچ ہزاروں افراد کیلئے کئی اعتبار سے واحد اور اکلوتی برانچ ہے جس (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

کوٹلی: ۔ چیف انسپکٹر آتش گیر مادہ امجد علی مغل ودیگر مختلف ایجنسیوں کو سیل کر رہے ہیں۔

شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیر زراعت

سید علی گیلانی شہید کی تحریک آزادی کیلئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر زراعت و لائیو سٹاک آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار میر اکبر خان نے کہا ہے کہ عظیم حریت رہنما سید علی گیلانی شہید کی تحریک آزادی کشمیر (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

ضلع کشتواڑ میں حملہ، جے سی او سمیت تین بھارتی فوجی زخمی

سری نگر (کے پی آئی) ضلع کشتواڑ میں ایک حملے میں ایک جونیئر کمیشنڈ آفیسر (جے سی او) سمیت تین بھارتی فوجی زخمی ہو (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

حویلی ایل او سی سے ملحقہ گاؤں شیخوپورہ محلہ میں واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح

مسلم ہینڈز کے ایریا منیجر افتخار انقلابی نے میجر کامران اور دیگر حکام کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر اس کا باضابطہ افتتاح کیا

پسماندہ علاقوں کو ترجیحات میں رکھا ہے تاکہ پسماندہ علاقہ کے لوگوں کو بھی زندگی کی بنیادی ضروریات مہیا ہو سکیں، مقررین

راولاکوٹ (نمائندہ خصوصی) مسلم ہینڈز واش پراجیکٹ کے تحت حویلی میں لائن آف کنٹرول سے ملحقہ گاؤں شیخوپورہ محلہ میں واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح کر دیا گیا۔ مسلم ہینڈز کے ایریا منیجر افتخار انقلابی نے میجر کامران اور دیگر حکام کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر اس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس اسکیم سے ایک ہزار کے لگ بھگ افراد مستفید ہوں گے۔ اس اسکیم سے استفادہ کرنے والوں میں مقامی تعلیمی اداروں کے 700 طلباء و طالبات، دینی مدرسہ کے 90 (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

عالمی برادری سے مقبوضہ کشمیر میں بہیمانہ قتل رکوانے کیلئے کردار کا مطالبہ

بھارتی مظالم سے مقبوضہ جموں وکشمیر کشمیریوں کے لیے ایک جہنم میں تبدیل ہو چکا ہے، کشمیریوں کو شدید مشکلات ہیں

مودی حکومت نے معصوم کشمیریوں کے خلاف ظلم و جبر کے تمام ریکارڈ توڑ دیے ہیں، فوری طور پر نوٹس لیا جائے، رپورٹ

سری نگر (کے پی آئی) جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں کی طرف سے قتل وغارت کا سلسلہ جاری ہے۔ بھارتی فوج نے شمالی کشمیر کے علاقے سوپور میں گزشتہ دو دنوں میں تین نوجوانوں کو شہید کیا۔ جنوری 1989 سے اب تک مقبوضہ علاقے میں سفاک بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں 96 ہزار 373 کشمیری شہید ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں افسوس کا اظہار کیا گیا کہ مودی حکومت نے معصوم کشمیریوں کے خلاف ظلم و جبر کے تمام ریکارڈ توڑ دیے (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

شدید دھند، مختلف ٹریفک حادثات، 8 افراد جاں بحق، 33 زخمی

بھکر میں ایم ایم روڈ پر مسافر بس ٹرالر سے ٹکرا گئی، لاشیں اور زخمی ہسپتال منتقل

بھکر، خوشاب، کمالیہ، علی پور (صباح نیوز) شدید دھند کے باعث بھکر اور خوشاب میں ٹریفک حادثات میں 8 افراد جاں بحق اور 33 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ایم ایم روڈ پر مسافر بس سڑک کنارے کھڑے ٹرالر سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 10 زخمی ہو گئے، حادثہ تیز رفتاری اور سموگ کے باعث پیش آیا، مسافر بس اوچ شریف سے راولپنڈی جا رہی تھی، لاشوں اور زخمیوں (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

پاکستان نے تیسرے ون ڈے میں آسٹریلیا کو شکست دیدی سیریز جیت لی

پرتھ (صباح نیوز) پاکستان نے آسٹریلیا کو تیسرے ون ڈے میں 8 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز 2-1 سے جیت لی۔ پرتھ میں کھیلے گئے میچ میں آسٹریلوی ٹیم 31.5 اوورز میں 140 رنز بنا کر آل آؤٹ ہو گئی، اوپنرز نے (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

شمالی کشمیر، سری نگر اور کشتواڑ میں 3 کشمیری نوجوان شہید

بھارتی فوج کا سری نگر اور کشتواڑ میں بھی فوجی آپریشن مسلسل جاری

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے شمالی کشمیر، سری نگر اور کشتواڑ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جاری فوجی آپریشنز میں 3 کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا ہے۔ اتوار کو ایک نوجوان ضلع بارہمولہ کے علاقے رام پورہ سوپور میں محاصرے اور تلاشی کی ایک کارروائی کے دوران (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

بھارت میں مسلمانوں کے خلاف سخت ترین ناروا سلوک جاری

کرناٹک کے کالج میں کشمیری طلبا کو اپنی داڑھی مونڈھنے پر مجبور کیا جا رہا ہے

بنگلورو (کے پی آئی) بھارت کی جنوبی ریاست کرناٹک کے ایک کالج میں کشمیری طلبا کو اپنی داڑھی مونڈھنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ بنگلورو کے ایک کالج میں دو درجن سے زائد کشمیری طلبا کو اپنی ظاہری شکل وصورت بالخصوص اپنے ثقافتی اور مذہبی روایات کے مطابق داڑھی بڑھانے کے حوالے (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

ضلع کوٹلی میں قائم ڈیزل، پیٹرول کی مختلف ایجنسیاں سیل

غیر قانونی طور پر انسانی جانوں کے ساتھ کھیلنے پر سخت ترین آپریشن کا عندیہ

کوٹلی (پی آئی ڈی) چیف انسپکٹر آتش گیر مادہ امجد علی مغل نے ہمراہ رضوان وسیم فوڈ کنٹرول مجسٹریٹ پراکس کنٹرول ضلع میرپور نے ضلع کوٹلی میں قائم ڈیزل پیٹرول ایجنسیوں کو سیل کر دیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا معیاری پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی محکمہ صنعت وتجارت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ غیر قانونی قائم شدہ ایجنسیوں سے نہ صرف غیر معیاری پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت کی جا رہی ہے بلکہ یہ انسانی (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

بھمبر: ۔جاپانی وفد کا شعبہ صحت سے وابستہ انسٹی ٹیوٹ کے دورہ کے موقع پر فوٹو۔

محمد یاسین ملک کی بھوک ہڑتال، بگڑتی صحت پر شدید تشویش

بھارت کشمیریوں کے جذبہ آزادی کو دبانے میں ناکام رہا ہے، حریت کانفرنس

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے نئی دہلی کے تہاڑ جیل میں قید جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین محمد یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان کل جماعتی حریت کانفرنس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ محمد یاسین ملک تہاڑ جیل میں غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت تمام ہتھکنڈے استعمال کرنے کے باوجود (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

ہمارے لیے جموں کشمیر ایک ریاست ہے، سریندر چودھری

ہم جموں کشمیر کے لیے یونین ٹیریٹری کا درجہ قبول نہیں کرتے، نائب وزیر اعلیٰ

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ ہم جموں کشمیر کے لیے یونین ٹیریٹری کا درجہ قبول نہیں کرتے۔ ہمارے لیے جموں کشمیر ایک ریاست ہے۔ شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع میں فروٹ منڈی، سوپور میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان دنوں بی جے پی سے لڑ رہے ہیں جنہوں نے کئی برسوں سے لوگوں کو تکلیف پہنچائی ہے (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

اے این پی کے سابق ترجمان زاہد خان مسلم لیگ ن میں شامل

نواز شریف اور شہباز شریف کی دعوت پر ن لیگ میں شامل ہوا ہوں، زاہد خان

لوئر دیر (صباح نیوز) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے سابق ترجمان زاہد خان مسلم لیگ ن میں شامل ہو گئے۔ شمولیتی تقریب میں رہنما ن لیگ اور وفاقی وزیر امیر مقام نے زاہد خان کو پارٹی میں شامل ہونے پر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر زاہد خان کا کہنا تھا نواز شریف اور شہباز شریف کی دعوت پر ن لیگ میں شامل ہوا ہوں۔ امیر مقام کا کہنا تھا پی ٹی آئی نے معیشت کو نقصان پہنچانے کے لیے آئی ایم ایف کو خطوط لکھے، کے پی حکومت پی آئی اے خریدنے کی بات کرتی ہے لیکن اساتذہ کے حقوق (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

حلقہ 5 پونچھ کیلئے تاریخی صحت عامہ کے پیکج کی منظوری کا بھرپور خیر مقدم

مشیر حکومت سردار احمد صغیر خان اور ممبر قانون ساز اسمبلی محترمہ شاہدہ صغیر کو بھرپور الفاظ میں مبارکباد، خراج تحسین

اس پیکج کی بدولت نہ صرف مسائل کا حل ممکن ہوگا بلکہ علاقے کے لوگوں کے لئے بھی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی، بیان

پانیولہ (نامہ نگار) مشیر حکومت سردار احمد صغیر خان اور ممبر قانون ساز اسمبلی محترمہ شاہدہ صغیر کی تحریک پر وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے حلقہ ایل اے 22 پونچھ 5 کے لیے مثالی اور تاریخی صحت عامہ کے پیکج کی منظوری دے دی۔ عوامی حلقوں نے وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

باغ: ۔وزیر حکومت سردار میر اکبر خان ودیگر مقررین ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

مظفر آباد میں سات روزہ ہفتہ صفائی

مہم تیسرے روز بھی جاری رہی

مظفر آباد (صباح نیوز) مظفر آباد میں سات روزہ ہفتہ صفائی مہم اتوار کو تیسرے روز بھی جاری رہی۔ صفائی مہم کے سلسلے میں مظفر آباد شہر بھر کو پانچ زونز میں

پنجاب کے عوام کو سموگ کے رحم وکرم پر چھوڑا گیا، بیرسٹر سیف

ملک کی حالت قابل رحم ہے اور ان کے شاہی خرچے ختم ہونے کا نام نہیں لے رہے

پشاور (صباح نیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام کو سموگ کے رحم وکرم پر چھوڑ کر باپ بیٹی یورپ کی سیر پر نکلے ہیں۔ ایک جان (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

چارٹر آف ڈیمانڈ پر فوری عملدرآمد کیا جائے، کیمسٹ ایسوسی ایشن عباسپور

نوٹیفکیشن فوری طور پر جاری کیا جائے اور کیمسٹ برادری کی صفوں سے سراسیمگی اور خوف کی فضا کو ختم کیا جائے

کیمسٹ کے تمام مطالبات منظور کیے جائیں وگرنہ آزاد کشمیر کی کیمسٹ برادری شدید احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے، شدید دھمکی

عباسپور (نمائندہ خصوصی) کیمسٹ ایسوسی ایشن تحصیل عباسپور کا اجلاس صدر خواجہ ساجد رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں کثیر تعداد میں سب ڈویژن عباسپور کے کیمسٹس نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ آزاد کشمیر کے کیمسٹس کے جملہ مسائل کے بارہ میں مرکزی تنظیم نے حکومت آزاد کشمیر کے ساتھ جو گفت وشنید میں معاملات طے کیے ہیں اور جو چارٹر آف ڈیمانڈ کیمسٹ ایسوسی ایشن نے حکومت کے سامنے رکھا (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

نعت کونسل کے زیر اہتمام تیسری سالانہ محفل نعت وعشق مصطفیٰ ﷺ کانفرنس

ملک کے معروف نعت خواں نے شرکاء کو اپنے منفرد اور دلچسپ انداز میں کلام پیش کر کے سرور میں مبتلا کیا

خوبصورت پروگرام کے انعقاد سے ہماری نسل نو کے دلوں میں صحیح معنوں میں اسلامی روح بیدار ہوگی، مقررین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈویژن پونچھ نعت کونسل آزاد کشمیر کے زیر اہتمام مرکزی جامعہ مسجد غوثیہ سپلائی بازار راولاکوٹ میں عظیم الشان تیسری سالانہ محفل نعت وپیغام عشق مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ راولاکوٹ میں منعقد ہونے والی روح پرور محفل میں ملک کے معروف ثناء خواں پاکستان گولڈ میڈلسٹ محمد سمیع الصائم، توصیف احمد اور دیگر ثناء خواں حضرات نے اپنے اپنے انداز میں نعتیہ کلام پیش کر کے حاضرین کی روح کو خوب (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

نسل نو کو اقبال کی فکر، تعلیمات سے روشناس کروانے پر زور

برمنگھم (صباح نیوز) سید مودودی فاؤنڈیشن یوکے کے چیئرمین محمد غالب نے کہا کہ علامہ ڈاکٹر محمد اقبال نے اپنے کلام میں امت مسلمہ کو یہ سوچ اور فکر دی کہ اسلام ایک مکمل نظام حیات ہے۔ پاکستان بنانے میں ان کا بڑا کلیدی کردار (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

دہشتگردی کیخلاف جیت ہی پہلا اور آخری آپشن ہے، محسن نقوی

بلوچستان میں امن کے لئے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے، ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دہشتگردی کیخلاف جیت ہی پہلا اور آخری آپشن ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملاقات کی، ملاقات میں کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر خودکش حملے کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، بلوچستان میں امن عامہ اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لئے کئے گئے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں رہنماؤں (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

77 ویں برسی
11 نومبر 2024
فخر کشمیر، فاتح آزاد کشمیر
کیپٹن حسین خان شہید
کے 77 ویں یوم شہادت کے موقع پر
حسین شہید فریڈم موومنٹ کے ہزاروں ممبران کی جانب سے بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ حسین شہید کے ادھورے مشن کی تکمیل تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔
سردار رحجاز سرور
مالک بلڈنگ
منگ روڈ راولاکوٹ

DIALYSIS CENTER RAWALAKOT
کی
محترمہ نسیم اختر
صدر رائٹ فاؤنڈیشن
PRESIDENT HUMAN RIGHTS AJK
کو
بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

77 واں
11 نومبر 2024ء
فاتح کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کے
یوم شہادت
کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی
وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
چوہدری انوار الحق کو
دیگر تمام مہمانان گرامی کو
آمد پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے
خوش آمدید کہتے ہیں
منجانب: کیپٹن حسین خان شہید ٹرسٹ، کیپٹن حسین خان شہید ویلفیئر آرگنائزیشن، سوشل ریفارمز کونسل میرہ حسین کوٹ

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

ای کی کے اقدامات اور آئندہ چند روز میں غیر فعالیت کی خبروں نے علاقہ میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ اس برانچ کو مذکورہ مقام پر ہی قائم رکھنے اور کسی بھی دوسری جگہ منتقل نہ کرنے کے خلاف مختلف تجاویز پر غور و فکر شروع کر دیا گیا ہے جس میں عدالت سے رجوع، بنک انتظامی افسران (ریجنل ہیڈ) وغیرہ سے ملاقاتیں اور احتجاج کیلئے مشاورت کا عمل شروع ہو چکا ہے جبکہ ہزاروں افراد نے یہ دھمکی بھی دی ہے کہ اگر برانچ کی منتقلی کیلئے کسی بھی طرح کے اقدامات اٹھائے گئے تو نہ صرف وہ اپنے تمام اثاثے بنک سے نکالنے پر مجبور ہوں گے بلکہ اس کے بائیکاٹ کی ایک منظم مہم بھی شروع کی جائے گی اور آئندہ کبھی بھی بنک کی سروسز کو استعمال نہیں کیا جائے گا، مقامی زعماء کا خیال ہے کہ پرائیویٹ کاروباری مراکز محض اپنے اہداف اور سہولیات مدنظر رکھیں گے اور عوامی مفادات کو ترجیح نہیں دی جائے گی تو ایسے اداروں کی ریاست بھر میں کوئی جگہ نہیں ہوگی، مختلف افراد نے اپنے پیغامات میں یہ بھی کہا کہ عوامی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے برانچ کو یہیں قائم رہنے دیا جائے اور اگر کسی بھی طرح کے کوئی مسائل ہیں تو انہیں حل کیا جائے نہ کہ علاقے کے لوگوں کیلئے مشکلات پیدا کی جائیں، انہوں نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایسا کیا گیا تو کسی بھی راست اقدام سے گریز نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 2

کے لیے خدمات لائق تحسین ہیں، جس کو ساری زندگی یاد رکھا جائے گا، ان کے اس نعرے کہ ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے اس نعرے نے تحریک آزادی کشمیر کو جلا بخشی ہے، آج حریت قائدین اور نوجوانوں کی تحریک آزادی کشمیر کے لیے گراں قدر خدمات ہیں جس پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں، تحریک آزادی کشمیر میں مہاجرین جموں کشمیر کا کردار مثالی ہے جنہوں نے اپنے گھر بار چھوڑ کر اس تحریک کو پایہ تکمیل کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، ہمارے نوجوانوں کو اپنے شہداء کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے نہ کہ آزاد کشمیر میں افراتفری پھیلانے والوں کا ہرگز ساتھ نہ دیں، ہماری افواج پاکستان دنیا کی بہادر فوج ہے جو بھارت کے لیے خوف کی علامت بن چکی ہے، مسلح افواج پاکستان کی پشت پر آزاد کشمیر اور پاکستان کی عوام سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے کشمیری کسی صورت پاکستان کے ساتھ اپنا رشتہ کمزور نہیں ہونے دیں گے، انہوں نے کہا کہ دنیا میں جہاں جہاں بھی آزادی کی تحریکیں چلی ہیں وہ لمبی تو ضرور ہوئیں مگر کامیاب ضرور ہوئی ہیں، آج کشمیری نہتے بھارت کی دس لاکھ فوج کا مقابلہ کر رہے ہیں، اور عالمی برادری کی خاموشی ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار محمد حسین چیمپئن سٹیڈیم میں چنار کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام ہونے والا سید علی شاہ گیلانی کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے KPL کے چیئرمین راجہ نثار شائق، ارشاد بٹ، و دیگر نے خطاب کیا شائقین کی بڑی تعداد گراؤنڈ میں میچ دیکھنے اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے گراؤنڈ پہنچی ٹورنامنٹ میں 12 ٹیموں نے حصہ لیا جس میں مجموعی طور پر 160 کھلاڑیوں نے شرکت کی میچ کو دیکھنے کے لیے خواتین، بزرگ، بچوں سمیت شائقین کرکٹ کی بڑی تعداد باغ کرکٹ اسٹیڈیم میں موجود تھی تمام کھلاڑیوں نے پرجوش انداز میں ٹورنامنٹ میں حصہ لیا اور شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا فائنل میچ تنویر بٹ شہید کلب اور رائزنگ کشمیر کرکٹ کلب کے درمیان کھیلا گیا اور تنویر بٹ شہید نے یہ ٹورنامنٹ اپنے نام کیا ایونٹ میں جیتنے والی ٹیم اور ہارنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں میں مہمان خصوصی وزیر حکومت آزاد کشمیر سردار میر اکبر خان، سیاسی و سماجی رہنما راجہ نثار احمد شائق، ممبر میونسپل کارپوریشن سید کامران قلندر، سابق ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل باغ راجہ سعید انقلابی ممبر بار کونسل سردار ظہیر مغل ایڈووکیٹ، سابق صدر پریس کلب باغ راجہ عبدالحفیظ، جملہ کیمپ صدور صاحبان نمائندگان و کونسلر حضرات اور ان کے ساتھ آئے ہوئے دیگر مہمانوں نے انعامات تقسیم کیے مہمان خصوصی نے سید علی شاہ گیلانی شہید کے نام پر ہونے والے اس ٹورنامنٹ کے انعقاد پر چنار کرکٹ کونسل کے چیئرمین محمد صادق اعوان، سیکرٹری مالیات عامر عباسی، سیکرٹری صداقت حسین کو ایک اچھا ایونٹ کروانے پر مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 3

گئے۔ بھارتی فورسز کے اہلکاروں نے ضلع کے علاقے کیشون میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی تھی۔ آپریشن کے دوران ایک حملے میں بھارتی فوج کا جے سی او اور دو فوجی اہلکار زخمی ہوگئے۔ کانتواڑہ اور کیشون کے علاقوں میں جاری آپریشن جمعرات کی شام شروع کیا گیا تھا۔

بقیہ 4

طلباء اور مقامی کمیونٹی کے 200 سے زائد افراد شامل ہیں، افتتاحی تقریب میں میجر محمد کامران، افتخار انقلابی کے علاوہ شیخ محمد افضل ایم ڈی محمود میموریل اینڈ حمیدہ کالج، شیخ محمد خورشید (ریٹائرڈ رینج آفیسر جنگلات)، سید نثار حیدر، ریٹائرڈ پروفیسر خادم بخاری، سابق اسسٹنٹ کمشنر شیخ محمد فاروق سمیت کمیونٹی کے سرکردہ افراد نے شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میجر کامران نے کہا کہ لائن آف کنٹرول کے قریب بھارتی فائرنگ سے متاثرہ دیہی علاقوں میں مسلم ہینڈز کے منصوبہ جات قابل ستائش ہیں، مسلم ہینڈز نے ایل او سی سے ملحقہ آبادی کے مسائل حل کرنے کیلئے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے اور انہیں سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھرپور وسائل بھی فراہم کئے ہیں جس سے ان لوگوں کی مشکلات میں کمی واقع ہوئی ہے، سردار افتخار انقلابی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم ہینڈز نے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں کو اپنی ترجیحات میں شامل کر رکھا ہے تاکہ پسماندہ علاقہ کے لوگوں کو بھی زندگی کی بنیادی ضروریات مہیا ہو سکیں، مسلم ہینڈز نے تعلیم، صحت، ہنر مندی سمیت دیگر غریب، مستحق، نادار اور یتیم بچوں کی کفالت کیلئے مختلف منصوبے مرتب کر رکھے ہیں جس کے تحت ایسے افراد کی بھرپور معاونت کی جا رہی ہے اور یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 5

ہیں اور بھارتی مظالم سے مقبوضہ جموں و کشمیر اس کے باشندوں کے لیے ایک جہنم میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بھارت کو یاد رکھنا چاہیے کہ اس کے مظالم کشمیری عوام کے عزم کو توڑ نہیں سکتے اور نہ ہی قتل و غارت سے انہیں جھکایا اور مرعوب کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ بھارتی ریاستی دہشت گردی سے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی مزید مضبوط ہوگی۔ عالمی برادری مقبوضہ علاقے میں بہیمانہ قتل و غارت کو روکنے کے لیے فوری اقدامات کرے اور ظالم بھارت کو اس کے جرائم کی سزا دے۔

بقیہ 6

لو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، متعدد کی حالت تشویشناک ہے۔ سندھ کے ضلع ٹھٹھہ میں گھارو کے قریب دھند کے باعث 6 گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 12 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ سندھ کے ضلع ٹھٹھہ میں قومی شاہراہ پر گھارو کے قریب صبح دھند کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق 2 ٹرک اور کاروں سمیت 6 گاڑیاں آپس میں ٹکرائیں، حادثے کے نتیجے میں 3 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ رپورٹ کے مطابق 14 زخمیوں کو مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا جہاں پر مزید 2 زخمی دم توڑ گئے جب کہ 4 شدید زخمیوں کو تشویشناک حالت میں کراچی منتقل کیا گیا۔ کمالیہ میں موضع جلو کا روڈ پر حادثے میں ایک شخص جاں بحق دو خواتین زخمی ہوئیں۔ کروڑ لعل عیسن میں دھند کے باعث دو مختلف حادثات میں چار افراد زخمی ہوگئے، علی پور میں بیٹ ملہند کے مقام پر دھند کے باعث اسکول وین الٹ گئی جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت پانچ طالبات زخمی ہوگئیں۔

بقیہ 7

چار حائلہ کھیل پیش کرنے کی کوشش کی تاہم 20 کے مجموعی سکور پر جیک فریزر میک گرک 7 رنز بنا کر نسیم شاہ کا شکار بنے، آرون ہارڈی 12 اور کپتان جوش انگلس 7، مارکس اسٹوئنس 8، ایڈم زمپا 13 گلین میکسویل صفر پر پویلین لوٹے۔ اوپنر میٹ شارٹ 22 رنز کی مزاحمتی اننگز کھیل سکے۔ میچ کے دوران ہاتھ پر گیند لگنے کے سبب کوپر کونولی 7 رنز بنا کر ریٹائرڈ ہرٹ ہوئے اور دوبارہ بیٹنگ کیلئے نہ آسکے، لینگر روز کیلئے 8 ویں وکٹ کی شراکت میں 22 رنز کی پارٹنرشپ قائم ہوئی تاہم شان ایبٹ 22 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی نے 3، 3 حارث رؤف نے 2 جبکہ محمد حسنین نے ایک وکٹ حاصل کی۔ ہدف کے تعاقب میں قومی ٹیم کے اوپنرز صائم ایوب اور عبداللہ شفیق نے پہلی وکٹ کیلئے 84 رنز کی پارٹنرشپ قائم کی، تاہم، عبداللہ 37 اور صائم ایوب 42 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ بابر اعظم 28 اور محمد رضوان 30 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ آسٹریلیا کی جانب سے پاکستان کی دونوں وکٹیں لانس مورس نے حاصل کیں، ان کے علاوہ کوئی بھی بالر وکٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ قبل ازیں قومی ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کو آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے، صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، پوری ٹیم اس شاندار کارکردگی پر مبارکباد کی مستحق ہے، امید ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی مزید کامیابیاں سمیٹے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کرکٹ ٹیم کو آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم کے لئے یہ انتہائی خوشی کا موقع ہے، پاکستان کے باؤلرز اور بلے بازوں نے آسٹریلیا کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، بائیس سال بعد پاکستان کرکٹ ٹیم آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں انہی کے ملک میں سرخرو ہوئی، ہمیں اپنی کرکٹ ٹیم پر فخر ہے، اس سیریز میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور مینجمنٹ کی محنت عیاں تھی اور پاکستان کرکٹ ٹیم اس جیت کی پوری طرح حقدار ہے۔ قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے قومی کرکٹ ٹیم کو آسٹریلیا کی سرزمین پر 22 سال کے بعد ون ڈے سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم نے آسٹریلوی ٹیم کو اس کے ہوم گراؤنڈز پر ون ڈے سیریز میں 1-2 سے شکست دے کر تاریخی فتح حاصل کی، پوری ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، قومی ٹیم کی ون ڈے سیریز میں بہترین کارکردگی لائق تحسین ہے، امید ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی اسی روایت کو برقرار رکھے گی، قومی کرکٹ ٹیم کسی بھی ملک کے خلاف میچ جیتنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی آسٹریلیا سے ون ڈے سیریز میں تاریخی کامیابی پر قومی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ آسٹریلیا جیسی مضبوط ٹیم کو ہوم گراؤنڈ پر شکست دے کر ٹیم نے قوم کا سر فخر سے بلند کیا، تاریخی جیت پر تمام کھلاڑی اور مینجمنٹ تعریف کے مستحق ہیں۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ قومی ٹیم نے فیلڈنگ، باؤلنگ اور بیٹنگ میں آسٹریلیا کو آؤٹ کلاس کیا، فتح نے پوری قوم کے چہروں پر خوشیاں بکھیر دی ہیں، 8 وکٹوں سے کامیابی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یقین ہے جذبے، محنت اور عزم سے کئے ہر کام میں کامیابی ملتی ہے۔ وفاقی وزیر و صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان کی قومی کرکٹ ٹیم کو ون ڈے سیریز میں کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ شاباش شاہینوں، آسٹریلیا کے خلاف شاندار کارکردگی پر قوم کی خوشیاں دوبالا ہو گئیں، تین ایک روزہ میچوں کی سیریز میں 1-2 سے کامیابی پر قومی ٹیم کا کریڈٹ ہے، پوری ٹیم یک جان ہو کر کھیلی، خاص طور پر باؤلنگ یونٹ نے بہترین کھیل پیش کیا، آسٹریلیا کو آسٹریلیا میں شکست دینا آسان نہ تھا تاہم قومی ٹیم نے 22 سال بعد ممکن کر دکھایا، پاکستان کی بڑی ٹیم کے خلاف بڑی فتح پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ امید ہے قومی ٹیم جیت کا تسلسل برقرار رکھے گی اور ٹی ٹوئنٹی سیریز بھی اپنے نام کرے گی۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کی پاکستان کرکٹ ٹیم کو آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ رانا مشہود نے کہا کہ پاکستان کے باؤلرز اور بلے بازوں نے آسٹریلیا کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس کے علاوہ تیسرے ون ڈے میچ جیتنے پر سیاسی شخصیات نے بھی قومی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

بقیہ 8

سے انکاری ہے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ پی ٹی آئی دوغلی اور منافقت کی سیاست کر رہی ہے۔

بقیہ 9

انہوں نے سابق ریاست کو دو یونین ٹیریٹریز میں تقسیم کرنے اور یہاں کے خصوصی حقوق چھیننے پر بی جے پی کی سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہم کشمیر کو ایک ریاست ہی مانتے ہیں، کبھی یوٹی کا درجہ قبول نہیں کرتے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ان کی حکومت ایک عوامی حکومت ہے جسے عوام نے کشمیر کے مصائب کے خاتمے اور ان کے تمام حقوق کی بحالی کے لیے منتخب کیا ہے۔ چودھری نے مزید کہا کہ کابینہ کی پہلی میٹنگ میں ہی ہم نے آرٹیکل 370 کے خاتمے کے خلاف قرارداد پاس کی، جس کے لیے عوام نے ہمیں ووٹ دیا تھا، انتخابات کے دوران کیے گئے وعدے ہم نے پورے کیے۔

بقیہ 10

کشمیریوں کے جذبہ آزادی کو دبانے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی جدوجہد آزادی کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ اگر بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت اور اس کے انتہائی کرپٹ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا یہ سمجھتے ہیں کہ وہ تنازعہ کشمیر کی حیثیت کو تبدیل کر سکتے ہیں اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری ریاستی دہشت گردی کے ذریعے کشمیریوں کو آزادی کی جائز جدوجہد سے دستبردار ہونے پر مجبور کر سکتے ہیں تو وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ بھارتی مظالم نے مقبوضہ جموں و کشمیر کو اس کے باشندوں کے لیے ایک جہنم میں تبدیل کر دیا ہے کیونکہ اگست 2019 میں دفعہ 370 اور 35A کی منسوخی کے بعد سے معصوم اور نہتے کشمیریوں پر مظالم میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ حریت ترجمان نے بھارت پر زور دیا کہ وہ نوشتہ دیوار پڑھ لے اور تنازعہ کشمیر کے پرامن حل کی راہ ہموار کرے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے بے گناہ اور نہتے کشمیریوں کو قتل اور گرفتار کرنے کے لیے مقبوضہ علاقے میں آرمڈ فورسز اسپیشل پاورز ایکٹ (AFSPA)، پبلک سیفٹی ایکٹ (PSA) اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون (UAPA) جیسے کالے قوانین نافذ کیے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ انٹروگیشن سینٹرز میں نوجوانوں کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جہاں بہت سے لوگوں کو عسکریت پسند قرار دے کر شہید کیا جاتا ہے اور گمنام قبروں میں دفن کیا جاتا ہے۔

بقیہ 11

جانوں کے لیے بھی خطرہ ہیں۔ چیف [illegible] سیکرٹری سینٹرل پرائس کنٹرول کمیٹی کا مزید کہنا تھا کہ آزاد کشمیر میں اشیاء روزمرہ کی قیمتوں کو اعتدال میں رکھنے کے لیے نظامت صنعت و تجارت میں شکایات سیل قائم کر دیا گیا ہے، ریاست بھر سے صارفین ضلعی انتظامیہ کی طرف سے جاری شدہ نرخ نامے پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں بعد رسید شکایات درج کروا سکتے ہیں۔ سیکرٹری سینٹرل پرائس کنٹرول کمیٹی نے ضلعی سطح پر قائم ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو ہدایات جاری کی کہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کا اجلاس ہر پندرہ دن میں منعقد کیا جائے تاکہ عوام الناس کو ریلیف مل سکے۔

بقیہ 12

سے غیر ضروری پابندیوں کا سامنا ہے۔ کالج انتظامیہ نے لازمی قرار دیا ہے کہ طلبا یا تو اپنی داڑھی کو مخصوص لمبائی تک تراشیں یا کالج کی سرگرمیوں میں حصہ لینے اور احاطے میں داخل ہونے کے لئے کلین شیو کریں۔ جو طلبا ان ہدایات پر عمل نہیں کرتے، انہیں غیر حاضر تصور کیا جائے گا جس سے ان کے تعلیمی ریکارڈ پر منفی اثر پڑے گا۔ دریں اثنا جموں و کشمیر سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن نے کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارامیا کو خط لکھا ہے کہ وہ ریاست کے ایک کالج میں کشمیری طلبا کو داڑھی مونڈنے پر مجبور کیے جانے کے حوالے سے مداخلت کریں۔ ایسوسی ایشن نے اپنے خط میں کہا کہ بنگلورو کے ایک کالج میں دو درجن سے زائد کشمیری طلبا کو اپنی ظاہری شکل و صورت خاص طور پر اپنے ثقافتی اور مذہبی روایات کے مطابق داڑھی بڑھانے کے حوالے سے غیر ضروری پابندیوں کا سامنا ہے۔

بقیہ 13

شہید کیا گیا اس سے قبل بھارتی فوج، پیرا ملٹری سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور پولیس کے سپیشل آپریشن گروپ نے علاقے کا محاصرہ کر کے گھر گھر تلاشی کی کارروائی شروع کی۔۔۔ بھارتی فوج نے گزشتہ روز سگی پورہ میں دو نوجوانوں کو شہید کیا تھا۔ اتوار کو بھارتی فوج نے سری گمرا اور کشتواڑ میں بھی فوجی آپریشن شروع کر دیا ہے سگی پورہ میں فورسز کا محاصرہ جاری ہے۔

بقیہ 14

انوار الحق کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ منظوری ایک انقلابی قدم ہے جس کے بعد عوام کو صحت کی بہتر سہولیات میسر آسکیں گی اس پیکیج میں بی ایچ یو تھوراڑ کو آر ایچ سی کا درجہ، 26 بیڈ رول ڈسپنسری کو بطور بی ایچ یو، بی ایچ یو کا درجہ، بی ایچ یو کی منظوری کے ساتھ ساتھ آر ایچ سی پانیولہ کے لئے باقی مطلوبہ آسامیوں کی فراہمی، حلقہ 5 کے لیے 14 نئے FAP کا قیام جن میں [illegible] وراٹ، کوٹلیاں، تھروڑ، رلاجاں، دویرن، عزیز آباد، کاکرانہ، جلانہ، رملیہ، بنگوئیں، اپر کوٹیڑا، کھرپاں، پوسہ، گلہ، پاچھیوٹ اس طرح حلقہ پانچ کے مختلف طبی مراکز کو مزید آسامیاں فراہم کرتے ہوئے پوری طرح فعال کر دیا گیا ہے جو صحت کے شعبے میں مثالی کام ہے ان اقدامات پر حلقہ پانچ کے عوام نے وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق ممبر اسمبلی بیگم شاہدہ صغیر اور مشیر حکومت احمد صغیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ دیگر شعبوں میں بھی درپیش مسائل کا ازالہ کیا جائے گا۔

بقیہ 15

ئی بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ باپ بیٹی یورپ کی تازہ ہواؤں میں گھوم رہے ہیں، اطلاعات ہیں مریم نواز نے پرائیویٹ جیٹ ہائیر کیا ہوا ہے، انہوں نے کہا کہ جہاز نے صندوقوں اور سوٹ کیسز سے بھر کر اڑان بھری ہے، ملک کی حالت قابل رحم ہے اور ان کے شاہی خرچے ختم ہونے کا نام نہیں لے رہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ پنجاب میں بدترین سموگ کی وجہ سے زندگی کے معمولات معطل ہیں، باپ بیٹی کا یورپ میں گھومنا پنجاب کے عوام کے ساتھ مذاق ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ فارم 47 کے لیڈروں سے یہی توقع کی جا سکتی ہے، فارم 47 والے عوام کا مذاق اڑاتے ہیں، یورپ میں سرجری اور علاج کرانا پنجاب کے ہسپتالوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا نے کہا کہ کئی باریاں لینے کے باوجود ایک ہسپتال ایسا نہیں بنایا جہاں اپنا علاج کرا سکیں، پنجاب کے ہسپتال ادویات کی قلت اور بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز پنجاب کے ہسپتالوں کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتیں، خود علاج باہر سے کراتی ہیں، قومی خزانے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شریف خاندان کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔

بقیہ 16

اور جن پر اطلاق ہوا تھا اس کا نوٹیفکیشن فوری جاری کیا جائے اور کیسٹ برادری کی صفوں سے سراسیمگی اور خوف کی فضا کو ختم کیا جائے انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے ہمارے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل نہ کیے اور ہماری مرکزی تنظیم کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر 100 فیصد عمل درآمد نہ کیا تو ہم مرکزی تنظیم کی ہر کال پر احتجاج کریں گے اور وسیع پیمانے پر راست اقدام کریں گے انہوں نے کہا کہ کیسٹ کے تمام مطالبات منظور کیا جائے ورنہ آزاد کشمیر کی کیسٹ برادری شدید احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ مرکزی تنظیم آل ? جو لائحہ عمل دے گی ہم سب اس پر مکمل عمل کریں گے آخر پر راجہ عمران کیسٹ کے LawinBrother میجر کی شہادت پر گہرے افسوس کا اظہار کیا گیا اور شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی اجلاس سے خواجہ ساجد رفیق، راجہ طارق محمود، راجہ خورشید کیانی، خواجہ عامر شفیق، علی احمد، اسعد بھٹی، خواجہ وقاص شریف، اور دیگر مقررین نے خطاب کیا

بقیہ 17

کر دیا۔ راولاکوٹ میں سخت سردی کے باوجود رات گئے تک جاری رہنے والی محفل نعت و کانفرنس میں ڈائریکٹر منہاج القرآن انٹرنیشنل فرانس علامہ حسن میر قادری؟ ملی یکجہتی کونسل و جمعیت علمائے جموں و کشمیر کے مرکزی سیکرٹری جنرل خان عبدالقیوم خان؟ نوجوان عالم دین علامہ ظہور احمد صدیقی اپنے خطابات میں کہا کہ پونچھ کی دھرتی میں نعت کونسل کے پلیٹ فارم پر خوبصورت پروگرام کے انعقاد ہماری نسل نو کے دلوں میں صحیح معنوں میں اسلامی روح بیدار ہوگی۔ جب تک ہماری دنیاوی زندگی میں عقیدت و محبتوں کا محور و مرکز مصطفی کریم ? کی ذات مبارکہ نہیں ہو گی۔ تو کامیابی و کامرانی ممکن نہیں۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے معاشرے میں افراتفری و انتشار سے بچانے کے لئے اپنا تعلق ذات مصطفی ? سے جوڑ دیں۔ راولاکوٹ میں تاریخ ساز محفل نعت و پیغام مصطفی ? کانفرنس میں منتظم اعلیٰ جامعہ مسجد کوٹ سیلانی حافظ اسرار احمد نے بھرپور کردار ادا کیا۔ دور دراز سے آئے ہوئے مہمانوں کی ضیافت کے ساتھ انتظامی امور کی نگرانی بھی کی ہے۔ پروگرام کا اختتام درود و سلام کے بعد خصوصی دعائیں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ جس کے بعد تمام شرکاء محفل کے لیے لنگر شریف کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

بقیہ 18

نے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ ہر پاکستانی کی جنگ ہے، اس جنگ میں صرف جیت ہی پہلا اور آخری آپشن ہے، بلوچستان میں امن کے لئے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ امن و امان یقینی بنانے کے لئے مزید اقدامات اٹھا رہے ہیں، دہشتگرد عناصر تخریبی کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سول ہسپتال کوئٹہ پہنچے، وفاقی وزیر داخلہ اور وزیراعلیٰ بلوچستان نے ریلوے اسٹیشن دھماکے کے زخمی افراد کی عیادت کی، وزیر داخلہ اور وزیراعلیٰ فرداً فرداً تمام زخمیوں کے پاس گئے اور ان کی خیریت دریافت کی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی اور ڈاکٹرز سے اپ ڈیٹس لیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمی افراد سے افسوسناک واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں، وزیر داخلہ اور وزیراعلیٰ نے زخمیوں کے بلند حوصلے کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے زخمیوں کے بہترین علاج معالجے کے حوالے سے ڈاکٹرز کو ہدایات دیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ قوم آپ کے ساتھ ہے اور جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہے، آپ کے علاج معالجے کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔

بقیہ 19

تھا سید مودودی رح نے دو قومی نظریہ پیش کیا تو انہوں اس کی بھرپور حمایت کی اور بانی پاکستان نے علامہ اقبال اور سید مودودی کی فکر اور رہنمائی میں پاکستان بنایا انہوں نے علامہ اقبال کی خدمات پر زبردست عقیدت پیش کرتے ہوئے کہ علامہ اقبال ایک عظیم شخصیت تھے ان کے مشن کا تقاضا ہے کہ مسلمانوں کی نئی نسل کو ان کی فکر سے روشناس کرایا جائے۔ قیام پاکستان کے اغراض و مقاصد اور ان کی فکر کو عام کیا جائے جس طرح کے پاکستان کا انہوں نے خواب دیکھا تھا اس کو پورا کیا جائے۔ محمد غالب نے کہا علامہ اقبال نے سید مودودی کو پٹھان کوٹ پنجاب میں آنے کی دعوت دی تھی کہ وہ یہاں آکر دین اسلام کی دعوت کا کام شروع کریں سید مودودی نے ایک مسجد میں جمعہ کے خطبوں میں اللہ کی عبادات کے موضوعات پر دین کی دعوت کا آغاز کیا ان کے وہ خطبے آج بھی مسلمانوں کی رہنمائی کر رہے ہیں ان کی کتاب خطبات سے ہر مسلمان کو استفادہ کرنا چاہیے۔

بقیہ 20

کا بھارت نے چیمپئنز ٹرافی میں آنے سے انکار پر سخت ایکشن لینے کا امکان ہے۔ ذرائع نے کہا کہ حکومت غور کر رہی ہے کہ اگر بھارت چیمپئنز ٹرافی کیلئے نہیں آئے گا تو پاکستان آئندہ بھی بھارت کیساتھ کوئی میچ نہیں کھیلے گا اور جب تک بھارت کے ساتھ تعلقات بہتر نہیں ہوتے تب تک بھارت کیساتھ کسی بھی ٹورنامنٹ میں کوئی میچ نہیں کھیلیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے سخت مؤقف اپنایا ہے، پاکستان کی ٹیم ہمیشہ بھارت گئی، اچھا تاثر دیا لیکن بھارت ہمیشہ سیاست کو شامل کرتا ہے۔ پاکستان چیمپئنز ٹرافی پر پیچھے نہیں ہٹے گا، بھارت نہیں آئے گا تو آخری حد تک جائیں گے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق اسٹیڈیم بن رہے ہیں، سکیورٹی اچھی ہے بھارت کے پاس کوئی جواز نہیں کہ وہ نہ آئے۔ اگر بھارت نہیں آئے گا تو ہمارا کوئی نقصان نہیں ہوگا لیکن جب ہم بھارت سے میچ نہیں کھیلیں گے تب نقصان ان کا بھی ہوگا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پاکستان چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے کسی ماڈل کو قبول نہیں کرے گا۔

2746-ف

بقیہ 21

اس طرح سے ہے کہ احتساب بیورو میں زیر کار تفتیش میں ملزم کا بیان قلمبند کروانے کے لیے احتساب بیورو کی تفتیشی ٹیم نے متعدد مرتبہ بذریعہ نوٹس اور فون کر کے طلب کیا لیکن ملزم نے احتساب بیورو کے ساتھ کسی قسم کا تعاون نہ کیا جبکہ زیر کار تفتیش میں دیگر کئی متعلقہ افراد نے احتساب بیورو میں آ کر اپنے بیانات قلمبند کروائے۔ زاہد امین کاشف کو بغرض دریافت زیر کار تفتیش نمبر 3487 میں طلبی کے لیے پہلا نوٹس مورخہ 3 اکتوبر 2024 کو جاری کیا گیا جس کی ملزم نے تعمیل نہ کی۔ دوسرا نوٹس مورخہ 5 اکتوبر 2024 کو بذریعہ DAM جاری کیا گیا لیکن اس کی بھی تعمیل سے انکار کر دیا گیا۔ تیسرا نوٹس جو کہ مورخہ 14 اکتوبر 2024 کو بذریعہ SSP مظفرآباد جاری کیا گیا لیکن پھر بھی سابق چیئرمین ڈویلپمنٹ اتھارٹی مظفرآباد نے تعمیل سے انکار کر دیا۔ مورخہ 16 اکتوبر کو چوتھا نوٹس جاری کیا گیا جس کی تعمیل کرتے ہوئے ملزم نے یہ عبارت اس پر تحریر کی ''احتساب کرنے والوں کا اپنا دامن داغدار نہیں ہونا چاہیے'' لیکن اس کے باوجود احتساب بیورو میں ملزم نے اپنا موقف پیش نہیں کیا۔ نیز اس دوران بذریعہ فون بھی ملزم کو دریافت کے لیے طلب کیا جاتا رہا لیکن پھر بھی احتساب بیورو میں تفتیشی ٹیم کے ساتھ عدم تعاون کیا گیا جو کہ احتساب ایکٹ کی شق 35 کے تحت ایک جرم ہے، جس کی سزا تین سال ہے۔ بالآخر مورخہ 4 نومبر کو احتساب بیورو میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں ملزم کے خلاف احتساب ایکٹ کی دفعہ 35 کی کارروائی کی منظوری دی گئی۔ اس اجلاس کی جملہ کارروائی مورخہ 5 نومبر 2024 کو احتساب عدالت بھیج دی گئی۔ اور احتساب عدالت نے مورخہ 7 نومبر 2024 کو زاہد امین کاشف کی گرفتاری کی منظوری دی جس پر آج عملدرآمد کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے مرکزی سیکرٹری جنرل چوہدری طارق فاروق نے زاہد امین کاشف گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ زاہد امین ریاست جموں کشمیر کے عوام کی ایک توانا آواز ہیں۔ ایک طویل سیاسی اور نظریاتی جدوجہد کے سرخیل رہے ہیں۔ خواجہ محمد علی کنول مرحوم و مغفور کی سیاسی اور نظریاتی میراث کے مالک ہیں۔ جرات میں کلمہ حق کہنے کا سلیقہ اور تدبر انہیں اپنے ہم عصروں میں ممتاز کرتا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ ن آزاد جموں کشمیر احتساب بیورو کی جانب سے ان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتی ہے اور ان کی گرفتاری کو ایک سیاسی کارکن کے خلاف سوچی سمجھی انتقامی کارروائی قرار دیتے ہوئے بزدلانہ گھٹیا سوچ کا آئینہ دار گردانتی ہے۔ زاہد بھائی کی گرفتاری سے جو پیغام مسلم لیگ ن آزاد جموں کشمیر اور اس کی لیڈرشپ کو دیا گیا ہے وہ بہت واضح اور قابل فہم ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ تفتیش میں عدم تعاون کا مسئلہ نہیں تھا بلکہ فسطائیت پسند بے نام حکومت کے غیر جمہوری اور ناانصافی پر مبنی بعض فیصلوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے والی آوازوں کو بند کرنے کی مذموم کوشش ہے۔

بقیہ 22

بیروت کے رفیق الحریری ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہونے والے 21 ویں طیارے میں مختلف امدادی و غذائی اشیا کے علاوہ، طبی سامان، کمبل، خیمے اور سلیپنگ بیگز ہیں۔ واضح رہے کہ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبد العزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی ہدایت پر لبنانی عوام کی مدد کے لئے فضائی پل قائم کیا گیا۔

بقیہ 23

ایم ایس سی، ایم فل، ایل ایل بی اور اسلامک شریعہ لاء، ڈپٹی ڈائریکٹر آرمڈ سروسز بورڈ میجر ریٹائرڈ روحیل محبوب قریشی گزشتہ 13 سال گزرنے کے باوجود ترقی نہ مل سکی۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ سے ان کے حق میں فیصلے بھی ہو چکے ہیں، مگر بے لگام بیوروکریسی نے ترقیابی میں رکاوٹ ڈال دی۔ چیف سیکرٹری کو دو بار درخواست دینے کے بعد تا حال عملدرآمد نہ ہو سکا۔ ذرائع کے مطابق میجر ریٹائرڈ روحیل محبوب قریشی کی بحیثیت ڈائریکٹر ترقیابی کو روکنے کے لیے چند شرپسند عناصر نے متعلقہ شعبہ سے تین سال 2021,2022,2023 کی اے سی آر غائب کروئیں تاکہ ان کی ترقی نہ ہو سکے اور سلیکشن بورڈ میں ڈیفر کروا گیا۔ عوامی حلقوں نے وزیر اعظم آزاد کشمیر و چیف سیکرٹری آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا ہے کہ ایک سال سے ڈائریکٹر آرمڈ سروسز کی خالی آسامی کو فوری طور پر پر کیا جائے۔ اور روحیل محبوب قریشی کو ڈائریکٹر آرمڈ سروسز کی خالی آسامی پر تعینات کیا جائے تاکہ دفتری امور بہتر انداز میں حل ہو سکیں۔

بقیہ 24

حوالے سے دلچسپی رکھتی ہے، پاکستان و آزاد کشمیر میں ماہرین ہیلتھ کی خدمات کو سراہتے ہیں، وفد نے بھمبر میں شعبہ نرسنگ کے لیے قائم ادارے AIMS کا بھی دورہ کیا۔ سرجن ڈاکٹر اظہر حسین اور پرنسپل ڈاکٹر طوبی اظہر نے وفد کو خوش آمدید کہا اور ادارے کے بارے میں بریف کیا۔ جاپانی وفد نے AIMS کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور ہیومن ریسورس ایکسچینج کے حوالے سے وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے ویژن کو خوب سراہا۔ پروفیسر ڈاکٹر سعید چیمہ و دیگر بھی اس موقع پر ہمراہ تھے۔ جاپانی وفد کے سربراہ تانی گوچی کا ڈاکٹر سعید چیمہ کے ہمراہ اظہر انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز بھمبر کا دورہ۔ سرجن ڈاکٹر اظہر حسین اور پرنسپل ڈاکٹر طوبی اظہر نے ماہرین کو ادارے میں میڈیکل ٹیکنالوجی کے کورسز کے بارے میں بریف کیا۔ مسٹر تانی گوچی کا کہنا تھا کہ جاپان دیگر ممالک سے ٹیکنالوجی کے تعاون کے لیے اقدامات کر رہا ہے اور ہیومن ریسورس ایکسچینج پروگرام اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ پاکستانی نوجوانوں کی ہر ممکن مدد کرنے کے لیے تیار ہیں۔ لینگویج کے فرق کو دور کرنے کے لیے بھمبر اور لاہور میں ڈاکٹر سعید چیمہ اپنی خدمات دیں گے اور ہمارے ماہرین جاپان سے معاونت کریں گے۔ سرجن ڈاکٹر نے دورے کے دوران AIMS کا انتخاب کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور AIMS کو جاپان کی ضرورت کے مطابق ہم آہنگ کرنے کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 25

خاتمے کے قومی عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان کی بہادر سکیورٹی فورسز دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھیں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے 6 خارجیوں کو ہلاک اور 6 کو گرفتار کرنے پر سکیورٹی فورسز کی صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، دہشتگردی اور انتشار پھیلانے والوں کے خاتمے کے لیے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے۔

بقیہ 26

دیگر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، ہائی کورٹ اور دیگر قانونی شخصیات اور بار کونسل و بار ایسوسی ایشن کے اراکین نے شرکت کی۔ گیلانی لا چیمبرز کا مقصد قانونی تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی، پیشہ وکالت میں داخل ہونے والے نوجوان وکلاء کی رہنمائی، تربیت کے لئے فری کوچنگ کلاسز، اور خاص طور پر عوامی مفاد کے اہم آئینی اور قانونی امور پر ماہرین کے لیکچرز نیز عوامی مفاد کے امور چارہ جوئی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ہم بانی اراکین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ یہ چیمبر معاشرے میں مثبت اور دیرپا اثرات مرتب کرے گا۔

بقیہ 27

ہے کہ تقریباً 25 عسکریت پسندوں نے جمعرات رات گئے میر علی کے علاقے ایپوم میں دراندازی کی کوشش کی۔ سیکیورٹی فورسز نے ان کی نقل و حرکت کو دیکھتے ہوئے انہیں روکنے کی کوشش کی اس دوران دونوں جانب سے شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں 6 عسکریت پسند ہلاک اور 3 زخمی ہوگئے جب کہ باقی عسکریت پسند واپس افغانستان چلے گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران کواڈ کاپٹر کا بھی استعمال کیا تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے ہفتے کی رات تک کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا۔ تاہم 4 نومبر کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے ایک بیان جاری کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ سیکیورٹی فورسز نے 3 اور 4 نومبر کی درمیانی شب جنوبی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر [illegible] کے علاقے میں دراندازی کی کوشش کرنے والے پانچ دہشت گردوں کا سراغ لگایا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنایا اور فائرنگ کے تبادلے کے دوران 5 کو ہلاک کر دیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان مسلسل عبوری افغان حکومت سے کہتا رہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے سرحد پر موثر انتظامات کرے، عبوری افغان حکومت سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی اور دہشت گرد گروہوں کی جانب سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے افغان سرزمین کے استعمال کی اجازت نہیں دے گا۔ دریں اثنا جنوبی وزیرستان اپر کی ضلعی انتظامیہ نے ہفتہ کے روز تحصیل [illegible] کے علاقے شارکائی میں مبینہ طور پر مارٹر گولہ گرنے سے جاں بحق ہونے والے بچوں کے اہل خانہ سے کامیاب مذاکرات کیے۔ واقعے کے بعد اہل خانہ اور مقامی عمائدین نے دھرنا دیا جس کے بعد جنوبی وزیرستان کے ڈپٹی کمشنر سلیم جان نے مظاہرین سے مذاکرات کیے اور انہوں نے دھرنا ختم کر دیا۔ صوبائی اسمبلی کے رکن آصف خان محسود نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ سکیورٹی فورسز نے مقامی آبادی پر فائرنگ کی۔

بقیہ 28

شہید ہوگئے۔ قابض فوج کے طیاروں نے جبالیہ کیمپ کے خیموں اور بے گھر افراد سمیت 58 افراد کی رہائش گاہ پر ایک کثیر المنزلہ مکان پر بمباری کی اور بغیر کسی پیشگی انتباہ کے اسے تباہ کر دیا۔ طبی عملے نے 32 شہداء کے جسد خاکی نکالے جن میں 13 بچے اور 5 زخمی شامل ہیں۔ باقی کی تلاش ابھی بھی ملبے تلے جاری ہے''۔ ہسپتال کے صحن میں متعدد شہداء کی لاشوں کے پاس کھڑے ایک خاندان کے رشتہ دار نے کہا کہ شہید ہونے والوں میں زیادہ تر بچے تھے، جن میں وہ لوگ بھی شامل تھے جو جبالیہ کیمپ سے بے گھر ہو کر آئے تھے۔ جبالیہ پناہ گزین کیمپ اور خاص طور پر بیت لاہیہ پر وحشیانہ بمباری کی جا رہی ہے جس میں آئے روز بے گناہ شہری شہید ہو رہے ہیں۔ شمالی غزہ میں شہری دفاع اور طبی عملے پر پابندی کو 19 روز گزر چکے ہیں۔ قابض صہیونی درندہ صفت فوجی شمالی غزہ کی آبادی کی نسل کشی کر رہے ہیں۔

بقیہ 29

میں کمی کو جو پیداواری پالیسیوں کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے خواتین کے لیے ایک جامع ایکشن پلان کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ موجودہ حکومتی ڈھانچے میں خواتین کو برادری کی سطح پر فیصلہ سازی سے باہر رکھا گیا ہے، جس سے موسمیاتی بحرانوں سے نمٹنے میں موثر اقدامات میں کمی واقع ہوتی ہے۔ پائیدار ترقیاتی پالیسی ادارہ (ایس ڈی پی آئی) کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر شفقت منیر احمد نے سی پی ڈی آر رپورٹ کی حقیقی تجزیہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ رپورٹ خواتین کے مسائل کو عالمی موسمیاتی انصاف کے ساتھ جوڑتی ہے اور آبی وسائل کے حوالے سے درپیش خطرات کو اجاگر کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ کس طرح خواتین قدرتی ماحول کی بحالی کے لیے اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد کی پروفیسر شاہین اختر نے اس رپورٹ کو پالیسی سازوں کے لیے ایک اہم رہنما قرار دیا اور کہا کہ اس رپورٹ سے ایسی حکمت عملیوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی جن سے خواتین کو موسمیاتی کارروائی میں شامل اور بااختیار بنایا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ رپورٹ خواتین کی فیصلہ سازی میں فعال شرکت کو فروغ دینے کے حوالے سے اہم ثابت ہو سکتی ہے۔ اقرا یونیورسٹی کے ڈاکٹر شہریار خان نے رپورٹ میں خواتین کو موسمیاتی حساس علاقوں میں بااختیار بنانے اور مضبوط کرنے کی حکمت عملیوں کی تعریف کی اور کہا کہ یہ خواتین کو موسمیاتی آفات کے دوران موثر انداز میں ہمت اور استقامت دینے میں مدد دے گی۔ او جی ڈی سی ایل کے جنرل منیجر برائے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی، عبدالرازق خٹک نے مستقبل میں ایسے اقدامات کی حمایت کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے نوجوان محققین کو موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کے حل کے لیے نئے حل پیش کرنے کی ترغیب دی۔ تقریب کے اختتام پر سی پی ڈی آر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ارتضیٰ محمد نے کہا کہ سی پی ڈی آر کی تحقیق کا بنیادی مقصد موسمیاتی پالیسیوں، پروگراموں اور حکمت عملیوں میں صنفی پہلوؤں کو شامل کرنا ہے تاکہ خواتین اور مردوں کو یکساں مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ رپورٹ کی تقریب میں معروف مصنف قیصر خان، صحافی جلال الدین مغل، وکیل سردار واصف طاہر اور طلبہ رہنما اویس سرفراز سمیت دیگر معززین نے بھی شرکت کی اور اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ 30

اثر و رسوخ استعمال کریں اور بھارت پر دباؤ بڑھائیں تاکہ بھارت مظلوم کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دے۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی عروج پر ہے اور اس سلسلے میں انٹرنیشنل کمیونٹی مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیاں رکوانے کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج یہاں ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں آسٹریا کی سفیر اینڈریا ویکی (Andrea Wicke) سے تفصیلی ملاقات میں کیا۔ صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے آسٹریا کی سفیر اینڈریا ویکی (Andrea Wicke) کو مسئلہ کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ آسٹریا یورپی یونین اور انٹرنیشنل کمیونٹی کے ساتھ مل کر مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنا رول ادا کرے۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور آسٹریا کی سفیر اینڈریا ویکی (Andrea Wicke) کے درمیان باہمی دلچسپی سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 31

چلانے پر محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ بھارتی فوج نے ضلع سرینگر کے علاقے اشبر نشاط کے زبروان جنگلات میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی اور گولیاں چلائیں۔ ادھر بھارتی فوج نے ضلع کشتواڑ کے علاقے چاس میں ایک اور بڑا آپریشن شروع کر دیا۔ بھارتی فوج اور پیرا ملٹری فورسز کے اہلکاروں نے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنایا

بقیہ 32

ملک کے [illegible] ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو دیر لوئر میں عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر زاہد خان کی رہائش گاہ پر عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینیٹر زاہد خان نے ہزاروں ساتھیوں کے ہمراہ پاکستان مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر ایوب خان، ملک جہانزیب، سوات سے شموس خان، واجد علی خان، محمد علی شاہ، سجاد خان اور ملاکنڈ ڈویژن کے دیگر پارٹی رہنما بھی موجود تھے۔ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے سینیٹر زاہد خان، ان کے بھائی، ایوب خان اور دیگر ہزاروں ساتھیوں کو اپنی، میاں نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور ورکروں کی طرف سے خوش آمدید کہا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یہ ایک پریس کانفرنس کا پروگرام تھا تاہم زاہد خان کی محبت میں جلسہ عام بن گیا جس میں ہزاروں کی تعداد میں لوگ شریک ہیں جس پر میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہر لیڈر کی خواہش ہوتی ہے کہ سچائی بولنے والے اور ڈٹ جانے والے ان کے ساتھ شامل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ زاہد خان قومی سطح کے لیڈر ہیں، وہ سچ اور دلیل کے ساتھ بات کرنے کیلئے شہرت رکھتے ہیں۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ زاہد خان انتہائی باہمت اور سینئر سیاستدان ہیں، ہم سب متحد ہو کر قائد نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں علاقے اور ملک کی ترقی کے لیے آگے بڑھیں گے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ لوگوں کو سوچنا چاہیے کہ کونسی لیڈرشپ اور پارٹی ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور اگر سوچیں گے تو نواز شریف اور شہباز شریف کی طرح قیادت کی حامل ایک ہی پارٹی پاکستان مسلم لیگ ن (لیگ) جو ملک کو تمام بحرانوں سے نکال سکتی ہے۔

بقیہ 33

اس کی جانب سے تمام سرکاری اداروں، وزارتوں اور ڈویژنز کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ان مقدمات کی تفصیل فراہم کی جائے جن میں حکم امتناع جاری ہوئے چھ ماہ گزر چکے ہیں، رپورٹ میں بتایا جائے کہ متعلقہ اداروں نے حکم امتناع ختم کرانے کے لیے کیا اقدامات اٹھائے۔

بقیہ 34

اٹھائے گی۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مال و کسٹوڈین چوہدری محمد اخلاق نے کہا کہ خدمت کی سیاست کرتا ہوں۔ جب تک عوام کا اعتماد ہے سیاست میں ہوں ورنہ مجھے اقتدار کا شوق نہیں۔ وزیراعظم نے سہنسہ کو ایک ارب روپے مالیت کا گرڈ سٹیشن کا منصوبہ دیا۔ ہوائی اعلانات کی روایت ختم کر دی، چند روز مہینوں میں سب کے کام ہو جائیں گے۔ وزیر صحت عامہ ڈاکٹر نثار انصر ابدالی نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج اہلیان سہنسہ نے وزیراعظم کا فقید المثال استقبال کیا۔ ہیلتھ پیکج کی اصولی منظوری کے بعد تشریف لائے۔ 77 سالہ تاریخ میں پہلی بار سب کے لئے یکساں صحت کا پیکج دیا گیا آج وزیر مال نے جعلی اعلان کرنے والوں اور دیگر دعویداروں کے غبارے سے ہوا نکال دی ہے چوہدری اخلاق نے ان تمام غباروں سے ہوا نکال دی ہے۔ ہماری توجہ ہماری ٹیم کی ضامن ہے۔ کوئی شخص فوج، انتظامیہ اور حکومت کے خلاف بات کرے تو ان عناصر کے خلاف تحریک چلائیں۔ تینوں بڑی جماعتیں پولیس کی پشت پر کھڑی ہیں، وزیر بحالیات جاوید اقبال بڈھانوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہیں آپ نے دور دراز علاقوں کے لئے صحت پیکیج دیکر عوام کے دل جیت لئے۔ جنہوں نے تحریک آزادی کو جلا بخشی اور تحریک آزادی اور پاک فوج کے خلاف سازشیں کرنے والوں نے ماحول خراب کیا مگر وزیراعظم کے جلسوں نے ایسے عناصر کو منہ توڑ جواب دیا ہے وزیر ہائر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے آزاد خطہ میں ساز عوام دوست اقدامات کر کے تاریخ رقم کی ہے۔ این ٹی ایس، ڈھوڈہ ہرباس پل منصوبہ، نیلم میں ہائیڈرو پراجیکٹ، سڑکیں، صحت و تعلیم سمیت درجنوں ترقیاتی منصوبے دیے۔

بقیہ 35

اور پیر سواروں کی مشکلات میں اضافہ ہو جائے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کراچی کے سعودی قونصلیٹ سے مبینہ طور پر بغیر رشوت دیئے ویزوں کا اجراء ناممکن بنانے سے اور پیر سواروں کی مشکلات میں اور اضافہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے سعودی وزارت خارجہ سے صورت حال کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے ویزہ قونصلر کی فوری تبدیلی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 36

ملازمین پاک فوج کے افسران اور پاک فوج کے جوانوں، صحافیوں، وکلاء نے شرکت کی اس موقع پر کوئٹہ ترین بم دھماکہ میں شہداء کے درجات بلندی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں اور نائیک تفضیل حسین شاہ کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے اپنی جانیں ملک اور قوم کی حفاظت پر قربان کر دیں اور دشمن کے ناپاک عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا ہم افواج پاکستان کو اس بات کا یقین دلاتے ہیں آزاد کشمیر کی افواج پاکستان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 37

خان کے ترجمان اور انتہائی مہمان نواز خوش اخلاق و خوش گفتار نیک اور ہمدرد شخصیت کے مالک تھے مرحوم کی نماز جنازہ میں سابق امیدوار اسمبلی سردار اسد ابراہیم خان ممبر آزاد جموں و کشمیر کونسل سردار عدنان خالد صدر میجرز آرگنائزیشن مجید سردار چیئرمین یونین کونسل پانیولہ راجہ اظہر آزاد کیانی چیئرمین یونین کونسل پانیولہ صدر انجمن تاجران پانیولہ واجد اسلم کرنل (ر) وحید سردار منظور خان سابق چیئرمین سردار شریف خان سردار احمد مقصود جے یو آئی کے ضلعی امیر مولانا افتخار احمد مولانا عبدالقادر سابق پی آر او امراء وزیراعظم ایاز مغل سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، وکلاء، صحافیوں، اساتذہ کرام، علماء کرام اور عوام علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم کو اپنے آبائی قبرستان جالوٹھ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بقیہ 38

سیکرٹری کی خالی آسامی پر سردار عدنان خورشید جو کہ اس سے قبل کمشنر مظفرآباد تھے کو تعینات کر دیا گیا ہے۔ سردار عدنان خورشید گریڈ 20 کے سینئر موسٹ آفیسر ہیں، اس سے قبل محکمہ اطلاعات کا اضافی انچارج سیکرٹری جنگلات انصر یعقوب کے پاس تھا تاہم وزیراعظم آزاد کشمیر نے سردار عدنان خورشید کو ترقیاب کر کے محکمہ اطلاعات کا سیکرٹری تعینات کر دیا۔ دوسری جانب دارالحکومت میں تجاوزات اور لینڈ مافیا کے خلاف منظم آپریشن کا اعلان کیا گیا ہے، مسعود الرحمان کو ایک بار پھر کمشنر مظفرآباد لگا دیا گیا وہ اس سے قبل مظفرآباد میں تحصیلدار، اسسٹنٹ کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور کمشنر رہ چکے ہیں۔ دوران سروس مظفرآباد میں انہوں نے تعمیر و ترقی، تعمیر نو، تجاوزات کے خلاف آپریشن اور لینڈ مافیا کے خلاف کارروائیوں میں ماسٹر قرار دیا گیا ہے۔ صحافتی حلقوں نے سردار عدنان خورشید کی بطور سیکرٹری اطلاعات تعیناتی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے امید کی ہے کہ ایک قابل، دیانتدار اور سنجیدہ مزاج کے آفیسر کی محکمہ اطلاعات میں ضرورت تھی بطور سیکرٹری اطلاعات حکومت اور میڈیا کے درمیان بہترین ریلیشن شپ قائم کریں گے۔

بقیہ 39

ای کی کے اقدامات اور آئندہ چند روز میں غیر فعالیت کی خبروں نے علاقہ میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ اس برانچ کو مذکورہ مقام پر ہی قائم رکھنے اور کسی بھی دوسری جگہ منتقل نہ کرنے کے خلاف مختلف تجاویز پر غور و فکر شروع کر دیا گیا ہے جس میں عدالت سے رجوع، بنک انتظامی افسران (ریجنل ہیڈ) وغیرہ سے ملاقاتیں اور احتجاج کیلئے مشاورت کا عمل شروع ہو چکا ہے جبکہ ہزاروں افراد نے یہ دھمکی بھی دی ہے کہ اگر برانچ کی منتقلی کیلئے کسی بھی طرح کے اقدامات اٹھائے گئے تو نہ صرف وہ اپنے تمام اثاثے بنک سے نکالنے پر مجبور ہوں گے بلکہ اس کے بائیکاٹ کی ایک منظم مہم بھی شروع کی جائے گی اور آئندہ کبھی بھی بنک کی سروسز کو استعمال نہیں کیا جائے گا، مقامی زعماء کا خیال ہے کہ پرائیویٹ کاروباری مراکز محض اپنے اہداف اور سہولیات مدنظر رکھیں گے اور عوامی مفادات کو ترجیح نہیں دی جائے گی تو ایسے اداروں کی ریاست بھر میں کوئی جگہ نہیں ہوگی، مختلف افراد نے اپنے پیغامات میں یہ بھی کہا کہ عوامی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے برانچ کو یہیں قائم رہنے دیا جائے اور اگر کسی بھی طرح کے کوئی مسائل ہیں تو انہیں حل کیا جائے نہ کہ علاقے کے لوگوں کیلئے مشکلات پیدا کی جائیں، انہوں نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایسا کیا گیا تو کسی بھی راست اقدام سے گریز نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 40

کے لیے خدمات لائق تحسین ہیں، جس کو ساری زندگی یاد رکھا جائے گا، ان کے اس نعرے کہ ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے اس نعرے نے تحریک آزادی کشمیر کو جلا بخشی ہے، آج حریت قائدین اور نوجوانوں کی تحریک آزادی کشمیر کے لیے گراں قدر خدمات ہیں جس پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں، تحریک آزادی کشمیر میں مہاجرین جموں کشمیر کا کردار مثالی ہے جنہوں نے اپنے گھر بار چھوڑ کر اس تحریک کو پایہ تکمیل کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، ہمارے نوجوانوں کو اپنے شہداء کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے نہ کہ آزاد کشمیر میں افراتفری پھیلانے والوں کا ہرگز ساتھ نہ دیں، ہماری افواج پاکستان دنیا کی بہادر فوج ہے جو بھارت کے لیے خوف کی علامت بن چکی ہے، مسلح افواج پاکستان کی پشت پر آزاد کشمیر اور پاکستان کی عوام سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے کشمیری کسی صورت پاکستان کے ساتھ اپنا رشتہ کمزور نہیں ہونے دیں گے، انہوں نے کہا کہ دنیا میں جہاں جہاں بھی آزادی کی تحریکیں چلی ہیں وہ لمبی تو ضرور ہوئیں مگر کامیاب ضرور ہوئی ہیں، آج کشمیری نہتے بھارت کی دس لاکھ فوج کا مقابلہ کر رہے ہیں، اور عالمی برادری کی خاموشی ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار محمد حسین چیمپئن سٹیڈیم میں چنار کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام ہونے والا سید علی شاہ گیلانی کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے KPL کے چیئرمین راجہ نثار شائق، ارشاد بٹ، و دیگر نے خطاب کیا شائقین کی بڑی تعداد گراؤنڈ میں میچ دیکھنے اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے گراؤنڈ پہنچی ٹورنامنٹ میں 12 ٹیموں نے حصہ لیا جس میں مجموعی طور پر 160 کھلاڑیوں نے شرکت کی میچ کو دیکھنے کے لیے خواتین، بزرگ، بچوں سمیت شائقین کرکٹ کی بڑی تعداد باغ کرکٹ اسٹیڈیم میں موجود تھی تمام کھلاڑیوں نے پرجوش انداز میں ٹورنامنٹ میں حصہ لیا اور شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا فائنل میچ تنویر بٹ شہید کلب اور رائزنگ کشمیر کرکٹ کلب کے درمیان کھیلا گیا اور تنویر بٹ شہید نے یہ ٹورنامنٹ اپنے نام کیا ایونٹ میں جیتنے والی ٹیم اور ہارنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں میں مہمان خصوصی وزیر حکومت آزاد کشمیر سردار میر اکبر خان، سیاسی و سماجی رہنما راجہ نثار احمد شائق، ممبر میونسپل کارپوریشن سید کامران قلندر، سابق ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل باغ راجہ سعید انقلابی ممبر بار کونسل سردار ظہیر مغل ایڈووکیٹ، سابق صدر پریس کلب باغ راجہ عبدالحفیظ، جملہ کیمپ صدور صاحبان نمائندگان و کونسلر حضرات اور ان کے ساتھ آئے ہوئے دیگر مہمانوں نے انعامات تقسیم کیے مہمان خصوصی نے سید علی شاہ گیلانی شہید کے نام پر ہونے والے اس ٹورنامنٹ کے انعقاد پر چنار کرکٹ کونسل کے چیئرمین محمد صادق اعوان، سیکرٹری مالیات عامر عباسی، سیکرٹری صداقت حسین کو ایک اچھا ایونٹ کروانے پر مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 41

گئے۔ بھارتی فورسز کے اہلکاروں نے ضلع کے علاقے کیشون میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی تھی۔ آپریشن کے دوران ایک حملے میں بھارتی فوج کا جے سی او اور دو فوجی اہلکار زخمی ہوگئے۔ کانتواڑہ اور کیشون کے علاقوں میں جاری آپریشن جمعرات کی شام شروع کیا گیا تھا۔

بقیہ 42

طلباء اور مقامی کمیونٹی کے 200 سے زائد افراد شامل ہیں، افتتاحی تقریب میں میجر محمد کامران، افتخار انقلابی کے علاوہ شیخ محمد افضل ایم ڈی محمود میموریل اینڈ حمیدہ کالج، شیخ محمد خورشید (ریٹائرڈ رینج آفیسر جنگلات)، سید نثار حیدر، ریٹائرڈ پروفیسر خادم بخاری، سابق اسسٹنٹ کمشنر شیخ محمد فاروق سمیت کمیونٹی کے سرکردہ افراد نے شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میجر کامران نے کہا کہ لائن آف کنٹرول کے قریب بھارتی فائرنگ سے متاثرہ دیہی علاقوں میں مسلم ہینڈز کے منصوبہ جات قابل ستائش ہیں، مسلم ہینڈز نے ایل او سی سے ملحقہ آبادی کے مسائل حل کرنے کیلئے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے اور انہیں سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھرپور وسائل بھی فراہم کئے ہیں جس سے ان لوگوں کی مشکلات میں کمی واقع ہوئی ہے، سردار افتخار انقلابی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم ہینڈز نے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں کو اپنی ترجیحات میں شامل کر رکھا ہے تاکہ پسماندہ علاقہ کے لوگوں کو بھی زندگی کی بنیادی ضروریات مہیا ہو سکیں، مسلم ہینڈز نے تعلیم، صحت، ہنر مندی سمیت دیگر غریب، مستحق، نادار اور یتیم بچوں کی کفالت کیلئے مختلف منصوبے مرتب کر رکھے ہیں جس کے تحت ایسے افراد کی بھرپور معاونت کی جا رہی ہے اور یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 43

ہیں اور بھارتی مظالم سے مقبوضہ جموں و کشمیر اس کے باشندوں کے لیے ایک جہنم میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بھارت کو یاد رکھنا چاہیے کہ اس کے مظالم کشمیری عوام کے عزم کو توڑ نہیں سکتے اور نہ ہی قتل و غارت سے انہیں جھکایا اور مرعوب کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ بھارتی ریاستی دہشت گردی سے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی مزید مضبوط ہوگی۔ عالمی برادری مقبوضہ علاقے میں بہیمانہ قتل و غارت کو روکنے کے لیے فوری اقدامات کرے اور ظالم بھارت کو اس کے جرائم کی سزا دے۔

بقیہ 44

لو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، متعدد کی حالت تشویشناک ہے۔ سندھ کے ضلع ٹھٹھہ میں گھارو کے قریب دھند کے باعث 6 گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 12 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ سندھ کے ضلع ٹھٹھہ میں قومی شاہراہ پر گھارو کے قریب صبح دھند کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق 2 ٹرک اور کاروں سمیت 6 گاڑیاں آپس میں ٹکرائیں، حادثے کے نتیجے میں 3 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ رپورٹ کے مطابق 14 زخمیوں کو مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا جہاں پر مزید 2 زخمی دم توڑ گئے جب کہ 4 شدید زخمیوں کو تشویشناک حالت میں کراچی منتقل کیا گیا۔ کمالیہ میں موضع جلو کا روڈ پر حادثے میں ایک شخص جاں بحق دو خواتین زخمی ہوئیں۔ کروڑ لعل عیسن میں دھند کے باعث دو مختلف حادثات میں چار افراد زخمی ہوگئے، علی پور میں بیٹ ملہند کے مقام پر دھند کے باعث اسکول وین الٹ گئی جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت پانچ طالبات زخمی ہوگئیں۔

بقیہ 45

چار حائلہ کھیل پیش کرنے کی کوشش کی تاہم 20 کے مجموعی سکور پر جیک فریزر میک گرک 7 رنز بنا کر نسیم شاہ کا شکار بنے، آرون ہارڈی 12 اور کپتان جوش انگلس 7، مارکس اسٹوئنس 8، ایڈم زمپا 13 گلین میکسویل صفر پر پویلین لوٹے۔ اوپنر میٹ شارٹ 22 رنز کی مزاحمتی اننگز کھیل سکے۔ میچ کے دوران ہاتھ پر گیند لگنے کے سبب کوپر کونولی 7 رنز بنا کر ریٹائرڈ ہرٹ ہوئے اور دوبارہ بیٹنگ کیلئے نہ آسکے، لینگر روز کیلئے 8 ویں وکٹ کی شراکت میں 22 رنز کی پارٹنرشپ قائم ہوئی تاہم شان ایبٹ 22 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی نے 3، 3 حارث رؤف نے 2 جبکہ محمد حسنین نے ایک وکٹ حاصل کی۔ ہدف کے تعاقب میں قومی ٹیم کے اوپنرز صائم ایوب اور عبداللہ شفیق نے پہلی وکٹ کیلئے 84 رنز کی پارٹنرشپ قائم کی، تاہم، عبداللہ 37 اور صائم ایوب 42 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ بابر اعظم 28 اور محمد رضوان 30 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ آسٹریلیا کی جانب سے پاکستان کی دونوں وکٹیں لانس مورس نے حاصل کیں، ان کے علاوہ کوئی بھی بالر وکٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ قبل ازیں قومی ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کو آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے، صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، پوری ٹیم اس شاندار کارکردگی پر مبارکباد کی مستحق ہے، امید ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی مزید کامیابیاں سمیٹے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کرکٹ ٹیم کو آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم کے لئے یہ انتہائی خوشی کا موقع ہے۔

☆☆☆☆

فاتح آزاد کشمیر

ahmedhijazi27@gmail.com
واٹس ایپ نمبر 0333-5975154

انقلاب روز روز نہیں آتے بلکہ صدیوں انتظار کے بعد کہیں جا کر انقلاب کی صورت جنم لیتی ہے۔ پونچھ کی دھرتی نے 1832 میں انقلاب کی بنیادیں ڈالی تھیں۔ خراں پونچھ نے اپنی زندہ کھالیں اتروا کر بھی حریت اور بغاوت کی وہ تاریخ رقم کی جس کی مثال رہتی دنیا کے لئے مثال ہی بنی رہے گی۔ گو یہ مجاہدین حریت ڈوگرہ گلاب سنگھ کو شکست نہ دے سکے مگر اہلیان پونچھ کی نسلوں میں اپنے جذبہ حریت کو اس طرح منتقل کر گئے کہ ایک صدی پندرہ سال بعد 1947ء کو سبز علی خان ملی خان کی اولادوں نے اسی ڈوگرہ گلاب سنگھ کی نسلی حکومت کا خاتمہ نہ صرف پونچھ اور آزاد کشمیر کی دھرتی سے کیا بلکہ ڈوگرہ راج کا خاتمہ پورے کشمیر سے ہی کر دیا۔ اس انقلاب کے لئے ایک صدی سے زیادہ عرصہ تاریخ کو انتظار کرنا پڑا اور دنیا کی تمام تواریخ اٹھا کر دیکھ لیں انقلاب ہمیشہ غیر معمولی افراد کے ذریعے ہی آئے ہیں اور وہ انقلابی جب کسی قوم میں پیدا ہوتے ہیں تو اس قوم کا مقدر بدل دیتے ہیں۔ اہلیان پونچھ اور موجودہ آزاد کشمیر کی خوش نصیبی تھی کہ ایک ہی زمانے میں اللہ تعالیٰ نے ان کو کرنل خان محمد خان بابائے پونچھ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان اور کیپٹن حسین خان فاتح آزاد کشمیر جیسے انقلابی دیے۔ گیارہ نومبر کو ہر سال بابائے پونچھ اور فاتح آزاد کشمیر کی برسی منائی جاتی ہے۔ گو کہ محسنین کشمیر کی برسی کی تقریبات پورے آزاد کشمیر میں منائی جانی چاہیے ہیں مگر سیاست دوراں کی منافقت اور فریب کاری نے ان قومی تقریبات کو دو اضلاع تک محدود کر دیا ہے کیپٹن حسین خان کی برسی 1972ء تک پورے آزاد کشمیر میں منائی جاتی تھی مگر 1972ء میں اسے پونچھ تک محدود کر دیا گیا تاکہ آنے والی کشمیری نسل کیپٹن حسین خان کے لائے انقلاب کو جاننے نہ پائے اور آزادی کشمیر کا کریڈٹ سمیٹا جا سکے خیر یہ ایک الگ بحث ہے اس کو پھر کبھی کسی اور موقع پر دیکھا جائے گا۔ بابائے پونچھ حقیقی معنوں میں انقلابی تھے وہ ایک زیرک سیاستدان کے ساتھ ساتھ ایک مصلح اور ریفارمر تھے درویش صفت اس زیرک دانشور نے اپنے عہد کے نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کو اپنا مقصد حیات بنایا اور اس علاقہ کے اندر موجود فضول رسوم و رواج اور برائیوں کے خاتمہ کیلئے تحریک کا آغاز کیا مختلف رفاہی کاموں کا آغاز کیا اپنے نوجوانوں کو اس وقت کی فوج میں بھرتی کروا کر جہاں عام لوگوں کے معاشی مسائل کے تدارک کی کوشش کی وہاں انقلاب پونچھ اور آزادی کشمیر کے لئے ایک بھرپور فوج بھی تیار کی جس نے بالآخر اس خطہ کو آزادی کی نعمت سے سرفراز کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ کشمیر اسمبلی میں پونچھ کی نمائندگی بابائے پونچھ کرتے تھے جس کو ازاں بعد آپ کی کاوش سے سردار محمد ابراہیم خان کے سپرد کیا گیا سردار محمد ابراہیم خان آپ کے نہ صرف حقیقی جانشین ثابت ہوئے بلکہ اپنی اہلیت قابلیت اور ذہانت سے ریاست بھر کے انقلابی قائد ثابت ہوئے قرارداد الحاق پاکستان 19 جولائی 1947ء سے لے کر ریاست کی آزاد حکومت کی داغ بیل ڈالنے تک ایسے کارنامے غازی ملت کا اعزاز ہیں جو کشمیر کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جاتے رہیں گے۔ کامیاب سیاست کاری اور دانش و حکمت کسی قوم کی آزادی کا اگرچہ بنیادی جزو ہیں مگر جب تک عملی میدان میں جانوں کا نذرانہ نہ پیش کیا جائے تو آزادی کا حصول ممکن نہیں ہوتا سو اگر کیپٹن حسین خان شہید جہاد آزادی کا پرچم لے کر میدان عمل اور میدان کارزار میں نہ نکلتے تو آزادی کا حصول آج تک ناممکن ہی رہتا۔

کیپٹن حسین خان راولاکوٹ کے نواحی گاؤں [illegible] میں ایک زمیندار حشمت علی خان کے گھر میں 1895ء میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ زیادہ تر بلکہ تمام لوگ ہی مال مویشی اور کھیتی باڑی پر گزر بسر کرتے تھے یا پھر چھوٹی موٹی ملازمت ہندوستان بھر کے دیگر علاقوں میں جا کر کرتے تھے تعلیمی ادارے نہ ہونے کی وجہ سے حصول تعلیم کا رواج نہ تھا۔ حسین خان نے بھی گھر پر ابتدائی تعلیم و تربیت کے علاوہ کسی تعلیمی ادارہ سے تعلیم نہیں حاصل کی۔ مگر بتانے والے بتاتے ہیں کہ آپ اس دور کے بچوں سے مختلف تھے کہتے ہیں آپ کو بچپن سے ہی فوج میں بھرتی ہونے کا جنون تھا شاید یہی وجہ ہے کہ آپ صرف 18 سال کی عمر کو پہنچے تو 1913ء میں بطور سپاہی برٹش انڈین آرمی میں بھرتی ہو گئے۔ اپنی فطری ذہانت کی وجہ سے آپ اپنے دیگر ساتھیوں سے آگے نکلتے گئے اور ترقی کی منازل تیزی سے طے کرتے ہوئے صرف بارہ سال کے عرصہ ملازمت میں ترقی کر کے 1925ء میں صوبیدار بن گئے۔ برٹش آرمی کا حصہ ہونے کے ناطے آپ نے پہلی جنگ عظیم میں بہادری کی لازوال داستانیں رقم کی جس کے صلہ میں آپ کو برطانیہ کے بادشاہ کی رسم تاج پوشی 1937ء میں خصوصی دعوت دی گئی یہ کسی بڑے اعزاز سے کم نہ تھا اس موقع پر آپ کو "بہادر" کا خطاب اور انعامات سے نوازہ گیا۔ دوسری جنگ عظیم میں آپ نے جاپانیوں کے خلاف اپنی بہادری اور مہارت کے جوہر دکھائے اور برطانوی فوج کے متعدد آفسران کو جاپانی فوج کے چنگل سے آزاد کروایا آپ کو اس جنگ عظیم کے دوران ہی کنگ کمیشن دے کر لیفٹیننٹ اور بعد میں کیپٹن کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی۔ اور ساتھ ہی "ایس بی آئی" اور "او بی آئی" "ملٹری کراس کے اعزازات دیئے گئے اور پچاس ہزار نقد انعام سے بھی نوازہ گیا۔ جنگ عظیم دوم کے بعد آپ نے فوج سے ریٹائرمنٹ لے لی۔ جنوری 1946ء کا زمانہ تھا کرنل خان محمد خان کے ساتھ مل کر آپ نے منگ سے تعلق رکھنے والے کیپٹن دوست محمد خان کی وساطت سے اس وقت کے فیلڈ مارشل اوکنلک سے ملاقات کی اور ان سے پونچھ کے دورے کی دعوت دی جسے فیلڈ مارشل نے قبول کر لیا اور ساتھ ساتھ فیلڈ مارشل سے راولپنڈی تا راولاکوٹ روڈ کی تعمیر کی درخواست بھی کی۔ 15 فروری کے اخبارات میں خبر شائع ہوئی کہ فیلڈ مارشل 16 مئی کو پونچھ کا دورہ کریں گے تو مہاراجہ نے اس دورہ کو اپنے اثر و رسوخ سے منسوخ کروا دیا۔ یہی وہ بنیادی نقطہ ہے جس پر کیپٹن حسین خان نے کشمیر کے مہاراجہ کے خلاف بغاوت کا فیصلہ کیا اور عملی طور پر اس کا آغاز کرنے کے لئے میدان عمل میں سرگرم ہو گئے۔ اپنی ذاتی جمع پونجی سے اسلحہ خرید اعوام اور سابقہ فوجیوں کو اپنے ساتھ ملایا وار کونسل قائم کی اور میدان عمل میں نکل کھڑے ہوئے آزاد خطہ کا تمام علاقہ جو آج آزاد ہے اس کی کمان حسین خان کر رہے تھے الگ بات کہ سیاست کاری نے اس حقیقت کو چھپانے کی بہت کوشش کی اور آج بھی کوششیں جاری ہیں مگر مجھے یقین ہے تاریخ اپنی اصلیت اور تاریخی حقائق کے ساتھ زندہ رہے گی کہ آزادی کشمیر کا کمانڈر انچیف بھی حسین خان تھا اور "فاتح" آزاد کشمیر بھی حسین خان ہے یہی وجہ ہے کہ گیارہ نومبر 1947ء کو حسین خان کی شہادت کے بعد ایک انچ بھی آزاد نہیں کروایا جاسکا۔ ورنہ حسین خان کی شہادت کے بعد بھی یہ جہادی آگے بڑھتے اور پورا کشمیر آزاد کروا لیتے۔ دنیا کی تمام تاریخیں اس بات کی مکمل دلیل ہیں کہ جب بھی کسی فوج کا سپہ سالار مارا جائے تو میدان جنگ خاموش ہو جاتا ہے۔ گیارہ نومبر 1947ء کو یہ جنگ میدان جنگ بھی خاموش ہو گیا تھا اس پر سوچیئے گا۔۔۔!

ادارتی صفحہ Editorial

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

تخفیف اسلحہ سے متعلق پاکستان کی قراردادیں

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی فرسٹ کمیٹی نے تخفیف اسلحہ سے متعلق پاکستان کی جانب سے پیش کی گئی چار قراردادوں کی منظوری دے دی ہے جن کا مقصد علاقائی اور بین الاقوامی امن اور سلامتی کو فروغ دینا ہے، یہ قراردادیں ان اہداف کے حصول کے لیے پاکستان کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ قراردادیں گزشتہ روز اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی سے متعلق فرسٹ کمیٹی کی طرف سے منظور کی گئیں، جن میں سے تین قراردادوں کو رکن ممالک کی جانب سے اس کے باوجود زبردست حمایت حاصل ہوئی کہ عالمی سطح پر جوہری اسلحہ کے عدم پھیلا اور اس میں تخفیف کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ توقع ہے کہ ان قراردادوں کے مسودوں کو توثیق کے لئے آئندہ ماہ جنرل اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ قراردادیں علاقائی سطح پر تخفیف اسلحہ، علاقائی اور ذیلی علاقائی سطحوں پر روایتی ہتھیاروں کے کنٹرول کے ساتھ ساتھ علاقائی اور ذیلی علاقائی تناظر میں اعتماد سازی کے اقدامات) سی بی ایمز (سے متعلق ہیں۔ علاقائی تخفیف اسلحہ اور علاقائی اور ذیلی علاقائی تناظر میں اعتماد سازی کے اقدامات کے عنوان سے قراردادیں اتفاق رائے سے منظور کی گئیں۔ علاقائی اور ذیلی علاقائی سطح پر روایتی ہتھیاروں کا کنٹرول کے عنوان سے قرارداد کے متن کے حق میں 179 ووٹ اور مخالفت میں صرف ایک ووٹ پڑا جو بھارت کا تھا۔ اس کے علاوہ اسرائیل نے قراردادوں پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔

عالمی برادری کی جانب سے قراردادوں کے لئے زبردست حمایت ایک ہی خطے یا ذیلی خطے میں واقع ریاستوں کی دفاعی صلاحیتوں میں روایتی ہتھیاروں کے کنٹرول، تحمل اور توازن کے لئے پاکستان کی وکالت کے اعتراف کی عکاسی کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے سفارت کاروں نے علاقائی تخفیف اسلحہ، روایتی ہتھیاروں پر قابو پانے اور اعتماد سازی کے اقدامات (سی بی ایمز) کے اہداف کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ قراردادیں بین الاقوامی امن، سلامتی اور استحکام کو فروغ دینے کے لیے ہتھیاروں کے کنٹرول، تخفیف اسلحہ اور اعتماد سازی کے لیے علاقائی اور عالمی نقطہ نظر کی اہمیت اور تکمیل کو تسلیم کرتی ہیں۔ علاقائی اور ذیلی علاقائی سطحوں پر روایتی ہتھیاروں کے کنٹرول سے متعلق قرارداد اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ ریاستوں کی دفاعی صلاحیتوں میں توازن برقرار رکھنے سے امن اور استحکام مضبوط ہوتا ہے۔ اس سے قبل پاکستان کی قرارداد بعنوان جوہری ہتھیاروں کے استعمال یا استعمال کے خطرے کے خلاف غیر جوہری ہتھیار رکھنے والی ریاستوں کو یقینی بنانے کے لیے موثر بین الاقوامی انتظامات کی تکمیل کے حق میں 117 ووٹ پڑے، مخالفت میں کوئی ووٹ نہیں پڑا جبکہ 64 رکن ممالک نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا۔ متن میں جوہری ہتھیاروں کے استعمال یا استعمال کے خطرے کے خلاف غیر جوہری ہتھیار رکھنے والی ریاستوں کو قانونی طور پر حفاظتی اقدامات کی یقین دہانیاں فراہم کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہیکہ ان قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے علاقائی تخفیف اسلحہ، روایتی ہتھیاروں پر قابو پانے اور اعتماد سازی کے اقدامات (سی بی ایمز) کے اہداف کو فروغ دینے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جانے چاہیے تاکہ مستقبل کے چیلنجز کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

سیو غزہ مہم کی بانی چیئر پرسن حمیرا طیبہ اسلام آباد میں گرفتار

حمیرا طیبہ سمیت تمام گرفتار شدگان کو فوری رہا کیا جائے، مشتاق احمد خان

اسلام آباد (صباح نیوز) غزہ میں نسل کشی کے چار سو دن پورا ہونے پر سیو غزہ مہم کی بانی چیئر پرسن حمیرا طیبہ کو پولیس نے اسلام آباد پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کرنے پر گرفتار کر لیا ہے۔ سابق سینیٹر مشتاق احمد خان نے ایکس پر ایک بیان میں کہا ہے کہ ایک طرف وزیر خارجہ سعودی عرب کے شہر ریاض میں او آئی سی کے وزرائے خارجہ کانفرنس میں شریک ہیں اور کل وزیر اعظم او آئی سی کے پلیٹ فارم سے عرب اسلامک کانفرنس سے غزہ کے ایشو پر خطاب کریں گے جب کہ حکمرانوں کی اپنے ملک میں یہ پالیسی ہے کہ غزہ کیلئے آواز اٹھانے پر خواتین تک کی گرفتاریاں کرتے ہیں۔ یہ قابل مذمت ہے۔ کیا اسلام آباد میں غزہ کیلئے آواز اٹھانا جرم ہے؟ حمیرا طیبہ سمیت تمام گرفتار شدگان کو فوری رہا کیا جائے۔

پیر چناسی مظفرآباد چیئر لفٹ کا منصوبہ زیر غور ہے، سیکرٹری سیاحت

سیاحت کے 30 ریسٹ ہاؤس سیاحوں کو سستی اور معیاری سروسز فراہم کر رہے ہیں

مظفرآباد (صباح نیوز) سیکرٹری سیاحت و آثار قدیمہ آزاد کشمیر چوہدری عبدالرحمٰن نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں سیاحت کے حوالے سے بڑا پوٹینشل موجود ہے جسے یوٹیلائز کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیاحت اکانومی کو بہتر بنانے کیلئے کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ آزاد کشمیر میں محکمہ سیاحت کے 30 ریسٹ ہاؤس سیاحوں کو سستی اور معیاری سروسز فراہم کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا اس لانگ کیبل میں کیبل کار اور چیئر لفٹ لگانے کے لیے حکومت پاکستان کو تجاویز بھجوا دی گئی ہیں امید ہے جلد ہی منظوری کے بعد کام شروع ہو جائے گا۔ چوہدری عبدالرحمٰن نے کہا کہ رواں سال 33 لاکھ سیاحوں نے نیلم ویلی کے دلکش خوبصورت نظارے انجوائے کیے۔ پیر چناسی سے مظفرآباد چیئر لفٹ کا منصوبہ زیر غور ہے۔ سیاحوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے محکمہ سیاحت دن رات کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیلم، شاردا، کیرن، کٹن، جاگراں، جہلم ویلی میں داؤکھن، سدھن گلی، گنگا چوٹی، اور حویلی کے علاوہ راولاکوٹ تولی پیر، بنجوسہ پانی مشہور سیاحتی مقامات ہیں۔ جہاں سیاحوں کی زیادہ آمد و رفت رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کی ہدایت اور ویژن کے مطابق سیاحت کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سیاحوں کی رہائش اور سہولیات کے علاوہ مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ محکمہ سیاحت اور مقامی لوگوں کے ذریعے سیاحوں کی شکایات کا نوٹس لیا جاتا ہے۔ تاکہ کسی کو شکایت کا موقع پیدا نہ ہو۔ پرائیویٹ گیسٹ ہاؤس کے اپنے اپنے ریٹس ہیں ان کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ اور سیاحتی مقامات پر ٹورسٹ پوائنٹ پر این جی اوز کے تعاون سے ڈسٹ بین نصب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ چوہدری عبدالرحمٰن نے کہا کہ سیاح حضرات اور مقامی لوگوں سے اپیل ہے کہ وہ ٹورسٹ پوائنٹ پر صحت و صفائی کا خصوصی خیال رکھیں کوڑا کرکٹ کا پراپر ڈسپوزل کریں۔ تاکہ سیاحتی مقامات کی خوبصورتی متاثر نہ ہو اور سیاح خوبصورت نظارے انجوائے کریں۔ آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ سے روزگار کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

For Daily Kashmir Dharti News Update
FOLLOW US ON

فاتح آزاد کشمیر میجر المعروف کیپٹن حسین خان شہید

مہمان کالم

شعبہ نشرواشاعت حسین شہید ٹرسٹ

کیپٹن حسین خان شہید سالار اعظم و سردار بہادر آرڈر آف برٹش آرمی فخر کشمیر سپریم کمانڈر جنگ آزادی، فاتح آزاد کشمیر 1895ء میں گاؤں کالاکوٹ (حال حسین کوٹ) سردار حشمت علی خان کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گاؤں کے ایک بڑے زمیندار تھے۔ آپ کو بچپن ہی سے فوج میں بھرتی ہونے کا بہت شوق تھا۔ آپ کا ننھیال حلقہ نمبر چار چھوئی میں ہے آپ کے نانا سردار سوبا خان اور ماموں کے بیٹے سردار بلور خان، سردار تصدق حسین اور محمد حسین وغیرہ تھے۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی ہمشیرہ کی شادی میں چھوئی میں ہی ہوئی تھی سردار صاحب اپنی ہمشیرہ کے گھر بچپن میں زیادہ رہتے تھے جو کیپٹن حسین خان کے ننھیال کے قریب ہی گھر تھا ان دونوں میں بچپن ہی سے تعلق رہا ہے۔ سردار محمد اسلم خان کا کیپٹن صاحب کے ننھیال کے خاص رشتہ تھا اور ان کی زوجہ سردار ابراہیم خان کی حقیقی پھوپھی تھی (یہ معلومات ان کے بیٹے سردار شفیق اسلم خان نے دی)۔ اس طرح کیپٹن حسین خان شہید کا ننھیال حلقہ نمبر چار اور ددیال حلقہ نمبر تین ہے۔ آپ 18 سال کی عمر تک پہنچے اور 1913ء میں انڈین آرمی میں بھرتی ہو گئے۔ آپ کے چھ بھائی بھی تھے جو دیگر فوج میں بھرتی ہوئے۔ آپ بھائیوں میں سب سے بڑے تھے۔ زندگی کے ہر معاملے میں دلیر اور باہمت تھے۔ یہی وجہ تھی کہ آپ نے آگے چل کر طارق بن زیاد، خالد بن ولید، اور موسیٰ بن نصیر جیسے بہادر جرنیلوں کے برابر مقام حاصل کیا۔ اور مسلمانان کشمیر کو غلامی سے نجات دہندہ بن کر سامنے آئے۔ اگر آپ کو سلطان ٹیپو ثانی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ فوج میں بھرتی ہونے کے بعد انتہائی کم عرصہ میں ہی ترقی کی منازل طے کرنا شروع ہو گئے۔

1917ء میں آپ کو وائسرائے کمیشن آفیسر بنایا گیا۔ جنگ عظیم اول میں آپ نے سردار بہادر اور OBI کا تمغہ حاصل کیا۔ آپ کو جنگی انعام دیا گیا۔ جس کے بارے میں شہنشاہ برطانیہ جارج پنجم نے روز نامہ لندن گزٹ میں شائع کیا۔ یہ جنگی انعام تین پشت تک جاری رہے گا۔ 1937ء میں شہنشاہ برطانیہ کی رسم تاج پوشی میں ایشیاء کی نمائندگی کی۔ وہاں آپ کی بہت عزت کی گئی اور ایک سنہری وردی ایک جنگی رائفل بطور انعام دی گئی۔ 1939ء میں دوسری عالمگیر جنگ شروع ہو گئی اس دوران آپ کی پلاٹون تھائی لینڈ، سنگاپور روانہ ہو گئی اور مشرق ایشیاء کے مختلف محاذوں پر مصروف جنگ رہی۔ آپ نے دونوں جنگوں میں بہادری کے اتنے جوہر دکھائے کہ آپ کو 12 انفرادی میڈل دیئے گئے۔ آپ کو مختلف سنٹروں کا دورہ کرنے پر مامور کر دیا کہ جوانوں کو جنگی تربیت دیں۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا اور فوجی جوانوں کو ہدایت کی کہ جاپانیوں کے سامنے ہتھیار ڈالنے کے بجائے موت کو ترجیح دیں۔ اور حوصلہ نہ ہاریں۔ بلکہ جواں مردی کے ساتھ مقابلہ کریں۔ چونکہ انگریزوں نے وعدہ کیا ہے کہ ہم جنگ جیت گئے تو انڈیا کو آزاد کر دیں گے۔ اس دوران یونٹوں میں جو آپ کو کشمیری ملے ان کو بتایا کہ جنگ جیتنے کے بعد ہندوستان آزاد ہو جائے گا۔ اور دو حصوں میں تقسیم ہوگا۔

مہاراجہ ہری سنگھ ریاست کا الحاق ہندوستان سے کرے گا۔ اس لئے آپ لوگ ذہنی طور پر ایک اور جنگ لڑنے کے لئے تیار ہو جائیں یہ آپ کی بصیرت کا کمال تھا۔ 1945ء میں جنگ عالمگیر دوئم ختم ہوئی تو آپ نے پنشن پر ریٹائرڈ ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ آپ کے کمانڈر نے آپ کو مزید سروس اور ترقی کی آفر کی کہ آپ جیسے تجربہ کار آفیسران کی ضرورت ہے۔ آپ نے اس پیشکش کو مسترد کر دیا۔ اس دوران دہلی سے ایک رسالہ شائع ہوتا تھا۔ اس میں ایسٹرن ویسٹرن کمانڈرز کے درمیان آپ کی تصویر دکھائی گئی اور آپ کا جنگی لائف سکیچ شائع ہوا۔ (فرام سیکرٹری آف سٹیٹ فار وار)

آپ 1945ء میں ریٹائرڈ ہونے کے بعد 1947ء تک گھر میں ہی رہے۔ اپریل 1947ء میں جب برصغیر میں دو قومیت کے سوال پیدا ہوئے ہندو مسلم فسادات شروع ہو گئے۔ تقسیم کے وقت انگریزوں نے والیان ریاستوں کو اختیار دے دیا کہ ہندوستان یا پاکستان میں جدھر چاہیں شامل ہو جائیں۔ چنانچہ راولاکوٹ میں سول نافرمانی کی تحریکیں شروع ہو گئیں۔ سیاسی جلسے جلوس کیے جانے لگے۔ اور کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق کرنے کی کوششیں تیز ہو گئیں۔ اس معاملہ کو دبانے کے لئے مہاراجہ ہری سنگھ نے راولاکوٹ کا دورہ کرنے کا پروگرام بنایا مہاراجہ کی آمد پر کرنل خان محمد خان صاحب نے سابق فوجیوں کو باوردی جمع کر کے مہاراجہ کو سلامی دینے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ کیپٹن حسین خان نے کرنل خان محمد خان صاحب کے اس پروگرام سے اختلاف کر دیا اور شامل نہ ہوئے۔ مہاراجہ راولاکوٹ میں سابق فوجیوں کا جم غفیر دیکھ کر گھبرا گیا اور واپس پونچھ چلا گیا۔ راولاکوٹ اور پونچھ میں زیادہ سے زیادہ فوج تعینات کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیر پونچھ بھیم سنگھ اور ڈوگرہ آرمی کے کمانڈر انچیف کو ہدایت کی کہ راولاکوٹ جا کر سرکردہ لوگوں سے میٹنگ کر کے حالات درست کریں۔ ڈوگرہ فوج کا کمانڈر جو انگریز تھا اس نے راولاکوٹ تھانہ میں تعینات ایس ایچ او اعظم عباسی کو خط لکھا کہ اس میٹنگ میں کیپٹن حسین خان کی شمولیت بہر صورت یقینی بنائیں ورنہ اپنی نوکری سے ہاتھ دھو لیں۔ SHO صاحب نے کیپٹن صاحب کو خط لکھا کہ آپ میٹنگ میں شرکت کریں۔ مگر کیپٹن حسین خان نے شرکت سے انکار کر دیا۔ بعد میں ڈاکٹر محمد حیات خان عباسی کیپٹن صاحب کے گھر آئے اور ان کی والدہ کو بتایا کہ اگر کیپٹن حسین خان میٹنگ میں شامل نہ ہوئے تو ہمارے ایس ایچ او صاحب کی نوکری چلی جائے گی۔ اس طرح آپ کی والدہ صاحبہ نے آپ کو شمولیت کے لئے راضی کر لیا۔ دوسرے دن آپ اپنی گھوڑی پر سوار ہو کر وزیر پونچھ بھیم سنگھ ڈوگرہ فوج کے کمانڈر اور جموں و کشمیر فوج کے انگریز کمانڈر انچیف اور آئی۔ جی۔ پی سے راولاکوٹ ڈاک بنگلہ میں میٹنگ کی ان کے علاوہ دوسری سرکردہ شخصیات نے بھی شرکت کی۔ میٹنگ میں تمام لوگوں کو آزادی کے لئے بغاوت سے باز رہنے کی ہدایت کی گئی۔ تقریباً تین گھنٹے کی ملاقات کے دوران کیپٹن حسین خان خاموش رہے۔ جب انگریز کمانڈر انچیف نے کیپٹن صاحب کو مخاطب کر کے کہا کہ اگر آپ ان لوگوں کو بغاوت سے روکیں اور خود جنگ آزادی سے لاتعلق رہیں تو آپ کو ایک بڑی جاگیر راولاکوٹ میں ملٹری کالج، حکومت میں حصہ دیا جائیگا۔ اس پر کیپٹن حسین خان نے صرف اتنا جواب دیا کہ جو ان جلسے جلوسوں میں پاکستان میں شامل ہونے کا مطالبہ کر رہے ہیں ان کی بات مان لو ورنہ میں کہتا ہوں کہ جنگ ہوگی۔ یہ کہتے ہوئے آپ میٹنگ سے اٹھ گئے۔ آئی۔ جی۔ پی نے ان کو فوراً گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ مگر فوجی کمانڈر نے ان کو ایسا کرنے سے روکا۔ کیپٹن حسین خان اپنی گھوڑی پر سوار ہو کر واپس گھر آ گئے۔ دوسرے دن ان کے بلا ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہو گئے۔ اس سے قبل کیپٹن حسین خان نے گاؤں گاؤں جا کر لوگوں کو جنگ کے لئے آمادہ کر دیا تھا۔ آپ نے میرا لنگہ بٹھونر کے مقام پر لوگوں کو جمع کیا ان سے پوچھا کہ اگر آپ لوگ میرا ساتھ دیں تو میں مہاراجہ ہری سنگھ کے خلاف جنگ کروں۔ اس طرح اس مقام پر لوگوں سے قسم لی اور دوسرے دن اپنی جمع شدہ پونجی لیکر پاکستان کی طرف رات کی تاریکی میں روانہ ہو گئے۔ انہوں نے بہت سارے لوگوں سے اس سلسلہ میں رابطے کیے مگر خاطر خواہ جواب نہ ملا۔ زیادہ تر لوگوں کا خیال تھا کہ کیپٹن حسین خان ہماری پنشن بھی بند کروا دے گا۔ مہاراجہ کے ساتھ جنگ نہیں ہو سکتی۔ بہر حال آپ پاکستان میں داخل ہوئے اور علاقہ فرنٹیئر سے ایمونیشن اور ہتھیار خریدنے میں مصروف ہو گئے اس دوران انہوں نے راولپنڈی ایک ہوٹل میں قیام کیا اور بہت سے فوجی جوانوں اور آفیسران سے ملاقاتیں کیں۔ آپ نے درہ کرم سے ایمونیشن و ہتھیار اور فرنٹیئر سے اپنے ساتھ تقریباً 200 پٹھان لائے۔ آپ نے سب سے پہلے آزاد پتن (سابق لاچھمن پتن) پل پر حملہ کیا اور ڈوگرہ فوج کے سپاہیوں کو مار بھگایا اور اسی دریا سے ہتھیار اور ایمونیشن عبور کروائے۔ دشمن براستہ بلندری پسپا ہو گیا۔ آپ مجاہدین کو لیکر میرال گلہ کے مقام پر پہنچے تو صبح کا وقت تھا۔ آپ نے اپنے گھر پیغام بھیجا کہ ان پٹھانوں اور دیگر مجاہدین کے لئے کھانا بنا کر ارسال کریں۔ سات دن تک عورتیں کھانا بنا کر ارسال کرتی رہیں۔ اس کے بعد کسی آدمی نے کیپٹن حسین خان کو بتایا کہ اتنی بڑی نفری کا کھانا بنا بنا کر عورتیں تھک گئی ہیں تو آپ نے ایک خانساماں بھرتی کر لیا جس کا نام شیرا تھا۔ کیپٹن حسین خان نے میرال گلہ سے راولاکوٹ فولادوی مورچے پر حملے کی مکمل تیاری کی اور 7 نومبر کو راولاکوٹ کا رخ کیا۔ ایک خاص بات کہ کیپٹن حسین خان شہید نے جنگ کی تیاریوں کے دوران قسم کھائی تھی کہ جب تک ڈوگروں کو راولاکوٹ سے شکست فاش دیکر کشمیر آزاد نہیں کروالیتا دائیں ہاتھ سے کھانا نہیں کھاؤں گا اور نہ ہی گھر سے پکی ہوئی کوئی چیز کھاؤں گا۔ باہر جہاں کہیں وہ کچھ کھاتے پیتے اس کی قیمت ادا کرتے۔ انہوں نے ایسا کر کے دکھایا۔ کوئی ماں کا لال ایسا کر نہیں سکتا۔ جھوٹے دعوے تو سب کرتے ہیں۔

7 نومبر کو ہیڈ کوارٹر پر بھرپور حملہ کر دیا۔ اور یہاں ایک زبردست معرکے کے بعد دشمن کو شکست ہوئی۔ آپ کی ولولہ انگیز قیادت نے مجاہدین کو اتنا جوش و خروش دیا کہ دشمن بھاگنے پر مجبور ہو گیا۔ آپ خود مجاہدین کے شانہ بشانہ لڑتے رہے۔ 9 اور 10 نومبر کی رات کو راولاکوٹ دشمن کا ہیڈ کوارٹر فتح ہو گیا اور ڈوگرہ فوج براستہ تولی پیر پسپا ہو کر شہر پونچھ کی جانب بھاگنا شروع ہو گئی آپ نے حکم دیا کہ تولی پیر عبور کرنے سے قبل دشمن کی فوج کو ختم کرنا ہے۔ آپ مجاہدین کو لیکر دشمن کے تعاقب میں تولی پیر کے مقام تک پہنچے وہاں دشمن کے ساتھ باغ سے بھاگی ہوئی سول آبادی اور فوجی جوان بھی آ کر مل گئے وہاں دشمن نے دوبارہ جنگ شروع کر دی۔ اس مقام پر بھی زبردست جنگی معرکہ ہوا۔ وہاں آپ نے مجاہدین سے مخاطب ہو کر کہا کہ دہلی کے لال قلعہ پر پاکستان کا پرچم لہرا کر واپس آؤں گا۔ اس لئے ہمت سے لڑیں۔ اور کیپٹن حسین خان دشمن کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے 11 نومبر کی صبح اپنی چھاتی پر دشمن کی گولی کے زخم لیکر جام شہادت نوش فرما گئے۔ ان کے آخری الفاظ یہ تھے کہ دشمن کو پونچھ شہر تک نہ جانے دینا۔ اگر کیپٹن حسین خان شہید 1947ء میں مہاراجہ ہری سنگھ کی حکومت کے خلاف جنگ نہ کرتے یا مجاہدین کی قیادت نہ کرتے تو آزاد کشمیر کا موجودہ علاقہ کسی صورت آزاد نہ ہوتا۔ اور آج تک ہم لوگ ڈوگروں کے رحم و کرم پر ہوتے۔ مگر قوم کی ایک کثیر تعداد کو یہ احساس تک نہیں ان کی شہادت کے بعد ایک انچ زمین کوئی نہیں لے سکا۔ آپ کا سر قلم کرنے کا مہاراجہ ہری سنگھ نے ایک لاکھ روپے انعام رکھا ہوا تھا۔ آپ کی شہادت کے بعد 16 نومبر کو بادامی باغ سرینگر جیل کے احاطہ میں مٹھائی تقسیم کی گئی اور قیدیوں کو بتایا گیا کہ کیپٹن حسین خان کمانڈر جنگ مارا ہو گیا ہے۔ اب تمہارا وہ حشر کریں گے کہ تم یاد رکھو گے۔

مسلم کانفرنس کے راہنما غازی محمد امیر خان نے تحریر کیا کہ اگر کیپٹن حسین خان کمانڈر نہ ہوتے یا وہ آگے بڑھ کر جنگ کرنے کا فیصلہ نہ کرتے تو کشمیر کسی صورت آزاد نہ ہوتا۔ یہ ان کی جنگی مہارت اور قیادت کی وجہ سے خطہ کشمیر آزاد ہوا۔

غازی ملت بانی صدر آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سردار محمد ابراہیم خان نے کیپٹن حسین خان شہید کو جنگ آزادی کشمیر کا ہیرو اور فاتح آزاد کشمیر کا خطاب دیا۔ سابق وزیر اعظم سردار محمد عبدالقیوم خان نے 1983ء میں راولاکوٹ کے مقام پر جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہید اعظم کیپٹن حسین خان کی جنگی مہارت کی وجہ سے یہ علاقہ آزاد ہوا اور ان ہی کی بنائی ہوئی وار سکیم کے تحت سیز فائر ہونے تک جنگ لڑی جاتی رہی ان کے عظیم کارہائے نمایاں کے صلہ میں یہ علاقہ آزاد ہوا اور آزاد حکومت قائم ہوئی۔ قوم کیپٹن حسین خان شہید کو سلام پیش کرتی ہے۔

سابق صدر راجہ ذوالقرنین ممبر کشمیر کونسل 11 نومبر 1998ء کو مزار شہید پر منعقدہ پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت فرما ہوئے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں شہید اعظم کو ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے مزار شہید پر حاضری دیکر انتہائی دلی سکون محسوس ہوا۔ کیپٹن حسین خان شہید نے ملک و ملت کے لئے جو قربانی دی وہ معمولی نہیں ہے۔ 11 نومبر کو ان کی شہادت کا دن منانا آزاد کشمیر کے عوام اور حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان کے مزار پر جو رونق ہے اور اللہ پاک کی رحمتیں نازل ہو رہی ہیں ان کو ہر کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ میں کیپٹن حسین خان شہید کو ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اگر 1947ء میں کیپٹن حسین خان آگے بڑھ کر جہاد کا فیصلہ نہ کرتے یا قیادت نہ کرتے تو یہ خطہ کسی صورت آزاد نہیں ہو سکتا تھا۔ ہمیں آزادی انہوں نے ہی دلوائی۔ جس کے نتیجہ میں آج ہم آزاد ہیں اور حکومتیں قائم ہیں۔ ان کے مزار پر سیاست کرنا مناسب نہیں۔

سابق مشیر حکومت سردار محمد آزاد خان (مرحوم) نے 11 نومبر کو مزار شہید پر حاضری دی۔ پروگرام کے مہمان خصوصی وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ ممتاز حسین راٹھور تھے۔ اسلام آباد کسی اہم میٹنگ میں ان کو جانا پڑا۔ جس کے باعث انہوں نے سردار محمد آزاد خان مشیر حکومت کو اپنی نمائندگی کے لئے بھیجا۔ سردار آزاد خان مشیر حکومت نے بطور مہمان خصوصی پروگرام میں شرکت کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فرمایا "مجھے وزیر اعظم آزاد کشمیر نے 11 نومبر کے پروگرام میں شرکت کے لئے کہا تو میں خاموش ہو گیا۔ وزیر اعظم صاحب نے مجھ سے پوچھا کہ آپ خاموش کیوں ہو گئے ہیں میں نے ان کو بتایا کہ آپ کی نمائندگی کرنے کے لئے تو جاؤں گا۔ لیکن جس عظیم جنرل کے مزار پر آپ مجھے بھیج رہے ہیں انہی کی بدولت آپ وزیر اعظم ہیں۔ اور میں مشیر حکومت ہوں۔ وہاں عوام کے مسائل ہونگے میں خالی ہاتھ نہیں جا سکتا۔ تو وزیر اعظم صاحب نے مجھے چیک دستخط کر کے دیا کہ یہ لے جائیں۔ وہاں جو بھی مسئلہ ہوا میری طرف سے Amount بھر کر متعلقہ محکمہ کو دے آنا"۔

اس کو کہتے ہیں فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید سے عقیدت۔ وہ مزار شہید پر ایسا اعلان نہیں کرنا چاہتے تھے جو پورا نہ کر سکتے۔ ہم ان کی لیڈر شپ کو سلام پیش کرتے ہیں۔

سردار سیاب خالد خان صاحب اسپیکر قانون ساز اسمبلی حکومت آزاد کشمیر نے سال 2002ء کے پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت فرمائی اور اب تک مسلسل شرکت کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فرمایا "فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کے یوم شہادت کے پروگرام میں حاضری دینے کے لئے ہمیں کسی دعوت کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے۔ پوری قوم کیپٹن حسین خان شہید کو خراج تحسین پیش کرتی رہے پھر بھی ان کے کردار، قربانی، قومی خدمت کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔

11 نومبر 2010 کو فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کے یوم شہادت کے موقع پر منعقدہ تقریب میں سردار عتیق احمد خان صاحب وزیر اعظم آزاد کشمیر نے بطور مہمان خصوصی شرکت فرمائی۔ سردار عتیق احمد خان نے انتہائی مدلل انداز میں جلسہ عام سے خطاب فرماتے ہوئے کہا کہ کیپٹن حسین خان شہید کو ہم ان کی قومی اور ملی خدمات جنگ آزادی کشمیر 1947-48ء میں بھرپور کردار پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ شہداء کا مقام اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں بیان کر دیا ہے۔ ان کو کسی کی تعریف کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کیپٹن حسین خان شہید کی بصیرت کا یہ کمال تھا کہ وہ جنگ انگریز کی لڑ رہے تھے اور سوچ اپنے ملک کی آزادی پر مرکوز کیے ہوئے تھے۔ ان کا بڑا مقام و رتبہ ہے۔ وطن عزیز کی آزادی میں ان کا کردار اس حوالے سے بھی بڑا اہم ہے کہ 1947ء کی جنگ آزادی میں کیپٹن حسین خان شہید، مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان اور غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان سے عمر میں بڑے تھے۔ جنگی مہارت رکھتے تھے، انہوں نے اپنے وسیع تجربہ اور جذبہ کے بل بوتے پر موجودہ خطہ آزاد کشمیر ڈوگرہ سامراج سے آزاد کروانے میں بے مثال کردار ادا کیا"۔ آخر میں انہوں نے پروگرام کے منتظمین اور کیپٹن حسین خان ٹرسٹ کے عہدیداران و ممبران کے اس اقدام کو سراہاتے ہوئے فرمایا" آزاد کشمیر اسمبلی کے بعد یہ واحد مقام ہے جہاں تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین و نمائندگان ایک ساتھ بیٹھتے ہیں مجھے اس پروگرام میں شرکت کر کے دلی مسرت ہوتی ہے۔ میری خواہش ہے کہ میں آئندہ بھی پروگرام میں شرکت کروں۔

کیپٹن حسین خان شہید پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ کے ڈاکٹر محمد صغیر کیانی (پرنسپل) ڈاکٹر محمد صغیر خان آف پوٹھی کی سرپرستی میں بعنوان خیابان میں مضامین شائع کروا کر فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کی ملی خدمات کا حق ادا کر دیا۔ کالج کے طلباء، پروفیسرز، لیکچرار، پرنسپل (ر) سردار محمد صادق خان صاحب، پروفیسر سید حسین سید، پروفیسر مقصود حسین راہی، پروفیسر امین طارق قاسمی، بشیر سدوزئی، چیئرمین ٹرسٹ سردار گلزار حجازی صاحب، جنرل عبدالوحید صاحب نے مکمل تحقیق کے بعد فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کی شخصیت اور ان کے کردار کو قلم بند کیا۔

فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کی قومی خدمات کے اعزاز میں جن شخصیات نے اسناد جاری کیں۔

۱۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان بانی صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر
۲۔ خان عبدالحمید خان صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر
۳۔ ڈاکٹر محمد حیات خان عباسی ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (میجر ریٹائرڈ)
۴۔ پٹھان محمد رفیق خان (شریک مجاہد جنگ آزادی کشمیر 1947ء)
۵۔ پٹھان امیر اللہ خان آفریدی (شریک مجاہد جنگ آزادی کشمیر 1947ء)
۶۔ میجر جگدیش سنگھ (فرام انڈین آرمی 1947ء ریاست کشمیر)
۷۔ کرنل لچھمن پال (فرام انڈین آرمی 1947ء ریاست کشمیر)
۸۔ میجر جنرل سردار محمد حیات خان (چیف ایگزیکٹو آزاد کشمیر)
۹ راجہ ممتاز حسین راٹھور (وزیر اعظم آزاد کشمیر)
۱۰۔ سردار سکندر حیات خان (وزیر اعظم آزاد کشمیر)
۱۱۔ پروفیسر امین طارق قاسمی (حسین شہید ڈگری کالج راولاکوٹ)
۱۲۔ میجر جنرل سردار محمد انور خان (صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر)
۱۳۔ جنرل سردار محمد عزیز خان (جوائنٹ چیف آف آرمی اسٹاف)
۱۴۔ جنرل پرویز مشرف (چیف آف آرمی اسٹاف و چیف ایگزیکٹو پاکستان)
۱۵۔ چیف آف نیول سٹاف (نیول ہیڈ کوارٹر)

کرنل لچھمن پال اور میجر جگدیش سنگھ لکھتے ہیں۔

Who we fought at Poonch In 1947.

(اردو ترجمہ)

دوران کراس فائرنگ آر ایم عرد ٹھاکر نے انتہائی تیزی کے ساتھ ایکشن کرتے ہوئے بٹالین کمانڈر پر فائر کر کے ان کو مار گرایا۔ ان کے قبضہ سے ہم نے ہتھیار 38 بور پستول، ضروری کاغذات اور ایک نقشہ حاصل کیا جس سے ہمیں اندازہ ہوا کہ کیپٹن حسین خان ہی ذمہ دار آفیسر ہیں۔ مجاہدین کے اس نقصان سے ان کے حوصلے پست ہو گئے۔ اور ہم نے محفوظ طریقے سے اپنا ایڈوانس جاری رکھا۔ اور 14 نومبر کو ہم پونچھ شہر پہنچ گئے۔

فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کی تاریخی حیثیت کو نمایاں کرنے کے لئے جن سیاسی راہنماؤں و دیگر آرمی آفیسران نے اقدامات اٹھائے۔

۱۔ خان عبدالحمید خان صاحب صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر نے راولاکوٹ بوائز کالج کیپٹن حسین خان شہید کے نام اور پورے آزاد کشمیر میں عام تعطیل Notify کی۔ مزار شہید کی بنیاد رکھی۔ اور راولاکوٹ احاطہ کالج میں ایک یادگار تعمیر کروائی۔

۲۔ سردار سکندر حیات خان وزیر اعظم آزاد کشمیر نے 06 کلومیٹر روڈ چھوٹا گلہ سے مزار شہید پر پختہ کروا کر حسین شہید کے نام پر Notify کی اور یہاں اسٹیڈیم کی بنیاد رکھی۔

۳۔ جنرل سردار محمد حیات خان چیف ایگزیکٹو آزاد کشمیر نے انتہائی خوبصورت سنگ مرمر سے مزار شہید کو تعمیر کروایا۔

۴۔ راجہ ممتاز حسین راٹھور وزیر اعظم آزاد کشمیر نے سردار محمد آزاد خان (مرحوم) مشیر حکومت آزاد کشمیر کی وساطت سے احاطہ مزار کی توسیع کروائی۔

۵۔ سردار خالد ابراہیم خان صدر جموں و کشمیر پیپلز پارٹی نے فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کی جائے شہادت تولی پیر شہید گلہ کے مقام پر ایک یادگار تعمیر کروائی۔

۶۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان صدر ریاست جموں و کشمیر نے یہاں دفتر ٹرسٹ اور لائبریری کا ایک کمرہ تعمیر کروایا۔

۷۔ جنرل سردار محمد انور خان صدر ریاست جموں و کشمیر نے فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کے جنگی ہیڈ کوارٹر میرا لنگہ کے مقام پر ایک یادگار تعمیر کروائی۔

۸۔ سردار محمد نذیر خان آف رہاڑہ حلقہ نمبر 4 نے فاتح آزاد کشمیر سے متعلقہ تاریخی مواد انگلینڈ نیشنل لائبریری تک پہنچایا۔

۹۔ کرنل مظفر خان نے کیپٹن (Latre) میجر حسین خان شہید کے نام سے پاک فورس میں 3rd اے کے حسینی رجمنٹ قائم کروائی اور مانسہرہ کیمپ میں ایک یادگار چوک تعمیر کروایا۔

۱۰۔ بریگیڈیئر سردار محمد اکبر خان نے فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید ٹرسٹ قائم کروایا۔ ٹرسٹ کا بانی صدر ہونے کا اعزاز وائس چیئرمین آف لبریشن فرنٹ صوبیدار سردار خادم حسین خان آف بنجوسہ کو حاصل ہوا۔ اور سردار گلزار خان حجازی ہیڈ ماسٹر (ر) آف تراڑ ٹرسٹ کے پہلے چیئرمین منتخب ہوئے۔

۱۱۔ سال 2013ء کے پروگرام میں چیئرمین PAC سردار عابد حسین عابد نے اپنے مختصر خطاب میں شہید اعظم کو ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا "1947ء میں کیپٹن حسین خان شہید سے بڑی شخصیت کوئی نہیں تھی۔ وطن عزیز کی آزادی میں ان کا کردار لازوال ہے"۔ ان کی تاریخی بصیرت اور حسین خان شہید کی شخصیت کے بارہ میں علم رکھنے کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے راہنما صاحبزادہ اسحٰق ظفر صاحب قائمقام وزیر اعظم (وقت) و سید ممتاز حسین گیلانی وزیر زراعت (وقت)، سردار عبدالقیوم نیازی وزیر خوراک (وقت) و سپیکر قانون ساز اسمبلی سردار غلام صادق خان دو مرتبہ پروگرام میں تشریف فرما ہوئے۔ ان راہنماؤں کے خطابات مس پلیس ہو گئے ہیں جن کو کوٹ کرتے تاہم چاروں راہنماؤں نے شہید اعظم کو ان کے اعزاز میں زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔

۱۳۔ جنرل عبدالوحید آرمی نیشنل ہسٹری میں لکھتے ہیں۔

Hiroec Role of Captain (Later) Major Hussain Khan Shaheed During the Liberation War 1947-48

The Mijahideen, under the inspiring leadership of Captain Hussain Khan, formed up in two groups for the attack. The first group commanded by Capt Hussain Khan himself.

The Mujahideen attack started at day break on November 10 and continued the whole day with heavy losses on both sides. The Dogras lost about 400 killed. Commander, Capt Hussain Khan, fell mortally wounded while leading the assault. The passing away of this brave and inspiring leader was a great set-back to the Mujahideen cause. At night the Mujahideen disengaged and the Dogra troops made their way to Poonch.

فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کو ان کے اعزازات کے ساتھ پکارنے میں عار محسوس کرنے والوں کے لئے تھوڑی سی آگاہی دیتے ہیں۔ (۱) کیپٹن حسین خان شہید کے ساتھ جو میدان جنگ میں تھے وہ جانتے ہیں یا جو سکھ فوج کا معاملہ کر رہے تھے وہ جانتے ہیں۔ کرنل لچھمن پال اپریل 1947ء سے مئی 1949ء تک حال آزاد پتن (سابق لچھمن پتن) سے لے کر تولی پیر اور پھر شہر پونچھ تک کا حال لکھتے ہیں۔ 11 نومبر 1947ء کو اسی مقام پر شہید اعظم کی تدفین پر جہازوں کی سلامی دیتے ہیں۔ پھر تحریر میں عظیم کمانڈر کو داد شجاعت دیتے ہیں۔ یہ تحریر و تاریخ ہندوستان سے پاکستان اور آزاد کشمیر تک لانے میں صوبیدار سردار محمد اشرف خان (مرحوم) آف حسین کوٹ کا غیر معمولی اقدام ہے۔ ٹرسٹ ان کی شہید اعظم سے عقیدت کو سلام پیش کرتا ہے۔ کرنل لچھمن پال اور میجر جگدیش سنگھ لکھتے ہیں کہ کمانڈر سے جو وار سکیم اور نقشہ ہم نے ان کو مار کر حاصل کیا یہ ظاہر کرتا ہے کہ کیپٹن حسین خان کا مشن پوری ریاست کشمیر کو آزاد کروانا تھا۔ اگر کمانڈر مارا نہ جاتا تو ایسا کر گزرتا۔ ہم بری طرح Withdrawal کر چکے تھے اور ہماری مدد کا کوئی ذریعہ نہیں تھا۔

پاکستان پیپلز پارٹی ضلع پونچھ کے صدر سردار خان اشرف خان صاحب (مرحوم) نے اپنے خطاب میں فرمایا "کیپٹن حسین خان شہید کی شہادت کے بعد ہم ایک انچ زمین مزید آزاد نہ کروا سکے بلکہ کچھ کھو گئے۔ اگر ہم حسین خان کو 2 منٹ کے لئے جنگ آزادی 1947ء سے لاتعلق سمجھ لیں تو نتیجہ آپ کے پاس ہوگا۔ ہم صرف فرضی دعوے کرتے ہیں کہ فلاں نے تیر مارا، فلاں نے یہ کیا، تیر کسی نے بھی نہیں مارا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور فاتح آزاد کشمیر کیپٹن حسین خان کی جنگی مہارت جذبہ ایمانی جو اللہ نے ان کو عطا کیا ہوا تھا کے ذریعے ہمیں آزادی ملی ورنہ آج ہم غلام ہی ہوتے۔ ان کا خطاب ایک سوالیہ نشان بن گیا۔

کشمیر میں بے مثال کارہائے نمایاں کے صلہ میں آپ نے 14 اعزازات حاصل کیے۔ اس طرح انہوں نے اپنی زندگی میں کل 26 انفرادی اعزازات حاصل کیے۔ کیپٹن حسین خان شہید اور شہداء کشمیر سے متعلق تاریخ ان کی یادگاریں ان کے کارہائے نمایاں کی حفاظت کرنے کے لئے ٹرسٹ اپنی بھرپور کوشش جاری رکھے گا۔

جہاد کو عملی طور پر شروع کرنے اور اپنی سیاسی قیادت کو عسکری میدان میں لانے کے لئے تیار کرنے میں کیپٹن حسین خان شہید کا کردار کلیدی ہے۔ کیپٹن حسین خان شہید دوتھان کے قریب ترین گاؤں کالاکوٹ (حسین کوٹ) کے رہنے والے تھے، برٹش آرمی میں دنیا کے مختلف عسکری محاذوں پر خدمات انجام دینے کی وجہ سے انہوں نے کیپٹن کا عہدہ حاصل کیا۔ کیپٹن حسین خان شہید بنیادی طور پر عسکریت پسند ذہن کے حامل اور مسئلے کو سیاسی میدان کے بجائے جہاد کے میدان میں حل کرنے کے زیادہ قائل تھے۔ وہ ٹیبل ٹاک (میز کانفرنس) کے سخت خلاف اور مسلح جدوجہد کے حامی تھے۔ بابائے قوم کرنل خان محمد خان سے ان کے بعض موقعوں پر شدید اختلافات بھی پیدا ہوئے۔

جب سدھنوتی اور باغ میں ڈوگرہ فوج نے گشت میں اضافہ کر دیا، عوام پر زیادہ سختیاں کر دیں، تو کیپٹن حسین خان شہید نے سدھنوتی کے تمام سابق فوجیوں کو جمع کرنا شروع کر دیا۔ انہوں نے گاؤں گاؤں فوجیوں کے خفیہ اجلاس طلب کیے اور جہاد کی حکمت عملی ترتیب دینا شروع کر دی۔ ڈوگرہ فوج کو کیپٹن حسین خان شہید کی ان سرگرمیوں کا علم ہو چکا تھا۔ حکومت نے اپنی انٹیلی جنس سروس کو متحرک کر کے کیپٹن کی خفیہ کارروائیوں پر نظر رکھنے کی ہدایت دی۔ تاہم کیپٹن حسین خان نے مجاہدین کو تو جہاد کے لئے تیار کر لیا مگر اصل مسئلہ اسلحہ کا تھا کہ اسلحہ کہاں سے آئے تاکہ ڈوگرہ سپاہیوں کے ساتھ مقابلہ کیا جا سکے۔

اس میدان میں بھی انہوں نے خود ہی کودنے اور اسلحہ جمع کرنے کی کوشش اور پہل اپنے ہی گھر سے کی۔ ایک روز کیپٹن حسین خان شہید نے اپنی ساری عمر کی جمع پونجی 45 ہزار روپے گھر سے لئے اور راولپنڈی کی طرف روانہ ہو گئے۔

کیپٹن حسین خان شہید سیاسی تحریکوں پر یقین نہیں رکھتے تھے اسی وجہ سے وہ صلح جو کرنل خان کے ساتھ اکثر ناراض رہتے کیونکہ کرنل خان بنیادی طور پر سماجی و فلاحی انسان تھے، وہ چاہتے تھے کہ لوگوں کو بنیادی سہولتیں میسر ہوں اور جھگڑے سے لوگوں کو سہولتیں نہیں تکلیف ہوگی، تاہم وہ جہاد یا آزادی کے خلاف نہیں تھے۔ انہوں نے کیپٹن حسین خان کو یقین دلایا کہ وہ جہاد کے خلاف نہیں اور کیپٹن حسین خان اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔

کیپٹن حسین خان شہید نے تحریک آزادی میں مختلف محاذوں پر کام کیا۔ عسکری میدان میں فوجیوں کو جمع کرنا، رابطہ کرنا، فوجی مراکز قائم کرنا، ذاتی سرمائے سے اسلحہ خریدنا اور پھر اس اسلحہ کو درست انداز میں فوجیوں میں اس طرح تقسیم کرنا کہ وہ درست استعمال ہو سکے خود مجاہدین کی قیادت کرنا اور سرحد کے پٹھانوں کو کشمیر کے جہاد کے لئے تیار کرنا۔ ان سب میں کیپٹن حسین خان شہید کی کوششوں کا ہی عمل دخل تھا۔ کیپٹن حسین خان شہید گو کہ ایک حریت پسند مجاہد تھے مگر انہوں نے سفارتی میدان میں بھی انتہائی کامیابی حاصل کی۔ سرحد کے پٹھانوں کو تحریک آزادی کشمیر میں عملی طور پر شامل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

کیپٹن حسین خان شہید ایک بہادر مجاہد تھے۔ انہوں نے جو کہا وہ کر کے دکھایا۔ انہوں نے مجاہدین کے درمیان اعلان کیا تھا کہ اس وقت تک وردی نہیں اتاروں گا، جب تک کشمیر آزاد نہیں کراؤں گا۔ مجاہد وطن نے 11 نومبر 1947ء کو تولی پیر کے قریب کانل گلہ کے مقام پر ڈوگرہ فوج کو ارض وطن سے دھکیلتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا۔ یاد رہے کہ ڈوگرہ حکومت نے ان کے سر کی معقول قیمت رکھی ہوئی تھی۔ مجاہد وطن اسی وردی میں دفن ہو گیا۔ کیپٹن حسین خان شہید ہوا مگر ابھی زندہ ہے، لوگوں کے دلوں میں، تاریخ کے اوراق میں، حسین کوٹ کی شکل میں ان کے آبائی گاؤں کالاکوٹ کا نام حسین کوٹ رکھ لیا گیا۔ کیپٹن حسین خان شہید ڈگری کالج راولاکوٹ کی شکل میں کہ یہ عظیم درسگاہ انہی کے نام سے منسوب ہے۔ یہ ان کی قربانیوں کا اعتراف ہے، قوم برملا جس کا اظہار کرتی ہے۔ جب تک حسین کوٹ رہے گا، جب تک پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ رہے گا تب تک حسین شہید کا نام رہے گا۔ یہ گاؤں اور ادارہ تا قیامت تک باقی رہیں گے۔ حسین خان اس دنیا میں بھی زندہ ہے اور اس دنیا میں بھی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "شہید کو مردہ نہ کہا کرو"

تلاش گمشدہ

میرے موٹر سائیکل ہنڈا 125، ماڈل 2010ء، انجن نمبر 3379273، چیسز نمبر 465727 کی کاپی کہیں گم ہو گئی ہے، جس کسی کو بھی ملے براہ مہربانی مندرجہ ذیل ایڈریس پر اطلاع کریں۔ منجانب:۔ محمد وحید خان ساکن ہورنہ میرہ نسب تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر
برائے رابطہ: 03446232318

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔۔۔(ادارہ)